برائےکرم واپس بھیجیں ________________________________ فون نمبر: ________________________

آپکی کھوئی ہوئی دُنیا تک پہنچنے کےلئے زندگی بھر کا سفر ۔ ©

# سفر
# مرحلہ - ۱

V۲,۲,۱ (۲۰۲۱)

## آرام کی جگہ، راہنمائے سفر، خدمت کے ذرائع

STRATEGIC IMPACT INTERNATIONAL
پی ۔او ۔ بَکس نمبر ۱۹۰۱ ، ڈینٹن، ٹی ایکس ۷۶۲۰۲
WWW.STRATEGICIMPACTINTERNATIONAL.COM

©جُملہ حقوق ،سٹریٹیجک ایمپیکٹ۔ اس تحریری مواد میں کوئی بھی کسی قسم کا ردوبدل نہیں کی جا سکتی ، لیکن آپ

مواد میں دووبدل کیے بغیر آزادانہ طور پر کاپی اور تقسیم کر سکتے ہیں۔

STRATEGIC IMPACT INTERNATIONAL

# آپکی کھوئی ہوئی دُنیا تک پہنچنے کےلئے زندگی بھر کا سفر

# سفر- مرحلہ-١

## فہرستِ مضامین


**آپکی کھوئی ہوئی دُنیا تک پہنچنے کےلئے، ایس ای زندگی بھر کا سفر ی نقشہ** ۵
**کھوئے ہوئے مقام تک پہنچنے کے ١٠ اقدام** ۷
**ایس ای کی خدمتی خاکہ** ۸
**روحانی ترقی سے متعلق سوالات** ۹

مرحلہ١- آرام کے مقامات، راہنمائے سفر، خدمت کے ذرائع
سفر ٹیم کا عمل ١٠
آرام کا مقام ١- آپکی پہلی محبت ١١
آرام کا مقام ٢- مسیح میں آپکی شناخت ١٣
آرام کا مقام ٣- آپکی کی اولین ترجیح ١۵
آرام کا مقام ۴- انجیل کے سادہ پیغام کو واضح کرنا ١٧
آرام کے مقام ۴ کے **ذرائع**- سٹریجک ایمپیکٹ منادی کا ذریعہ ١٩-٢٣
آرام کا مقام ۵- آپکی شخصی گواہی ٢۴
آرام کا مقام ٦- محبت کی ترجیح ٢٦
آرام کا مقام ٧- آپکا بشارتی طرزِزندگی ٢٨
آرام کا مقام ٨- بائبل کی بُنیاد ٣٠
آرام کا مقام ٩- گُناہ کا اقرار اور دوسروں کے ساتھ رفاقت ٣٢
آرام کا مقام ١٠- بالغ اور تضریب کار شاگرد بنانا ٣۴
آرام کا مقام ١١- روح القدس سے درُست تعلق ٣٦
آرام کا مقام ١٢- دوسروں کو تربیت دینے کے لیے ضروری اقدام ٣٧
آرام کے مقام ١٢کے **ذرائع**- سٹریجک ایمپیکٹ شاگردیت کا ذریعہ ٢٩-۴١
آرام کا مقام ١٣- یسوع کی خداوندیت ۴١
آرام کا مقام ١۴- خدا کے ساتھ تنہائی میں وقت گزارنا ۴٣
آرام کا مقام ١۵- بائبل مقدس کا مُطالعہ کیسے کریں ۴۵
آرام کے مقام ١۵کے ذرائع- سٹریجک ایمپیکٹ بائبل مقدس کےشخصی مطالعہ کا ذریعہ ۴٧-۵٣


**آپ کے استعمال کے لئے:** انجیل کی منادی اور شاگردیت کے کام میں استعمال کے لیے اُن ذرائعوں کو دوبارہ پیش کرنے میں آزادی محسوس کریں۔


سٹریجک ایمپیکٹ منادی کا ذریعہ ۵٠-۵١
سٹریجک ایمپیکٹ شاگردیت کے ذریعہ ۵٢-۵٣

خلاصہ مرحلہ ١ ۵۴

# ایس آئی آپکی کھوئی ہوئی دُنیا تک پہنچنے کےطویل سفر کا خاکہ

| مرحلہ | کون | منزل | تربیت/ ذرائع | دورانیہ |
|---|---|---|---|---|
| **۱** *آپکا بالغ* اور تضریب کار شاگرد بنانے **کا زندگی بھر کا سفر** | تمام مسیحی | آپ مُسلسل چھوتھی پُشت تک تضریب کار شاگرد بناتے ہیں | تربیتی کورس میں داخلہ<br>- *تضریب کار شاگردساز ی کا آغاز (ایم ڈی ایل) یا*<br>- *راہنما تیارکرنا (ایل ایل)*<br>- *سفری مرحلہ ۱*<br><br>**خدمت کے ذارئع**<br>**- سفری مرحلہ ۱**<br>**- خدمتی خاکہ**<br>**راہنمائے سفر ، ایس آئی منادی اور شاگردیت کے ذرائع** | ۱- دِن ایم ڈی ایل یا<br>۳- دِن ایل ایل<br>۴- سے ٦ ماہ *تربیت سفر* مرحلہ ۱<br>- تضریب کار شاگرد بنانے کا تا حیات سفر |
| **۲** آپکی زندگی بھر کا سفر نئی تضریب کار کلیسیاؤں کا قیام اور بڑھوتی | بہت سے مسیحی | آپ لگاتار ایسی تضریب کار کلیسیاؤں کا قیام اور نشونماکرتےرہیں جو چوتھی پُشت تک بڑھتے ہیں | - ایس ائی تربیتی کورس<br>- تربیت سفر مرحلہ ۲<br>- ایس آئی خدمت کے ذرائع | - ۱-۳ دِن کا تربیتی کورس<br>- ۴ سے ٦ ماہ کا سفر تربیت مرحلہ ۲ |
| **۳** آپکی زندگی بھر کا سفر تضریب کار کلیسیائیں قائم کرنے والے راہنماؤں کو تربیت دینا | **کچھ** کلیسیاؤں کے قیام کی تربیت دینے والے | آپ لگاتار ایسےراہنماؤں/ کلیسیائیں قائم کرنے والوں کی شناخت اور تربیت کرتےرہیں جو چوتھی پُشت تک بڑھتے ہیں | ایس آئی تربیتی کورس<br>تربیت سفر مرحلہ ۳<br>ایس آئی خدمت کے ذرائع | -۱-۳ دِن کا تربیتی کورس<br>- ۴ سے ٦ ماہ کا سفر تربیت مر حلہ ۳ |
| **۴** آپکا زندگی بھر کا سفر خدمت کرنا<br>**تضریب کارٹیم** میں آگے بڑھوتی ہو | مقامی سطح پر **چند** راہنما سٹریٹیجک ایمپیکٹ ٹیم | آپ لگاتار ایسے گروہ میں کام کریں جو آگے (علاقے، گاؤں، شہر) میں تضریب کاری کرے۔ | - ایس آئی تربیتی کورسز<br>- سفر مرحلہ ۴<br>- ایس آئی خدمت کے ذرائع | ۱-۳ روزہ سالانہ فین دِی فلیم لیڈر شیپ اجلاس تربیتی کورسز<br>۴- سے ٦ ماہ کا سفر تربیت مرحلہ ۴ |
| **۵** آپکا زندگی بھر کا سفر **تضریب کار مہم** کا آغاز اور قیادت کرنے کے لئے | چند علاقائیوں کا انتخاب کریں سٹریٹیجک ایمپیکٹ اعلیٰ صلاحیت کی مہم کے کارساز | آپ لگاتا تضریب کار کلیسیاؤں کی مہم کا آغاز نئے ممالک اور علاقوں میں کریں۔ | -ایس آئی تربیتی کورسسز<br>-مرحلہ ۴ سفر<br>- ایس آئی خدمت کے ذرائع | ۱-۳ روزہ سالانہ فین دِی فلیم لیڈر شیپ اجلاس<br>تربیتی کورسز<br>۱-۴ تا ٦ ماہ سفر مرحلہ ۵ تربیت |

آپ سب کو ارشادِ اعظم کو پوراکرنے کے لئے
چھوتھی پُشت تک لگاتار ہر سطح پر تضریب کاری کرنی ہے۔

# آپکی کھوئی ہوئی دنیا تک پہنچنے کے ۱۰ مرحلے

**مرحلہ۱:** **اپنی سوچ بدلیں**

میری کلیسیاء قائم کرنے کے مقصد کے بارے میں اپنی سوچ بدلیں «کھوئی ہوئے گروہ--- مُلک--- دُنیا تک پہنچنا»۔
(متی ۱۸:۲۸-۲۰ ؛ اعمال ۲۴:۲۰)

**مرحلہ ۲:** **دُعا**

فصل کی کٹائی کے لئے مزدوروں کے لئے دعا کریں ! (لوقا ۲:۱۰؛ اعمال ۱:۱۳-۳)

**مرحلہ ۳:** **رویاپیش کریں**

اپنے علاقہ میں انجیل کی خوشخبری کو پھیلانے کے لئے خدا کی رویا اُسکے لوگوں تک پہنچائیں۔(اعمال ۸:۱ ؛ ۱:۱۳-۳)

**مرحلہ ۴:** **ایک ٹیم کو اکٹھا کرکے تیار کرنا**

ہر سال کم از کم دو تضریب کار کلیسیائیں قائم کرنے والے چرچ کی ایک ٹیم کی شناخت کریں، منتخب کریں، اکٹھا کریں اور تیار کریں۔ (اعمال ۲۱:۱۴-۲۸ ؛ ۹:۱۹-۱۰ ؛ کُلسیوں ۷:۱ ؛ ۲۔ تِمُتھیس ۲:۲)

**مرحلہ ۵:** **جگہ کا انتخاب کرنا**

دُعا کے ساتھ اُس جگہ اور لوگوں کا انتخاب کریں جن تک خدا آپکو لے کر جانا چاہتا ہے۔ (اعمال ۶:۱۶-۴۰)

الف۔ معلوم کریں کہ روح القدس آپ کو ایک نیا کلیسیاء قائم کرنے کے لیے کہاں لے جا رہا ہے۔

ب۔ اس علاقے میں ضرورتوں،محفوظ مقام اور سرگرمیوں کی چھان بین کریں جو نئی کلیسیاء کو متاثر کرے گی۔

**مرحلہ ٦:** **مُنادی**

علاقے کے لوگوں کو خوشخبری دیں۔ (اعمال ۴۲:۵؛ ۲۱:۱۴, ۲۵؛ ۲۰:۲۰)

**مرحلہ ۷:** **نئے ایمانداروں کو شاگرد بنانا**

نئے ایماندار کو جہاں وہ ہیں وہیں شاگرد بنائیں ۔ (اعمال ۲۲:۱۴؛ ۲۰:۲۰)

**مرحلہ ۸ :** **نئے ایماندار کو نئی کلیسیاؤں میں اکٹھا کرنا**

نئے ایمانداروں کوکلیسیاء کی۴ بُنیادی خدماتی ترجیحات کے لئے اکٹھا کریں:

الف ۔ عبادت (اعمال ۴۲:۲-۴۳؛ ۱-کرنتھیوں ۲۶:۱۴-۳۵ ، ۱:۱٦-۲ ؛ کُلسیوں ۱٦:۳)

ب۔ ترقی (اعمال ۴۲:۲؛ کُلسیوں ۱٦:۳؛ ۲۔ تِمُتھیس ۲:۴)

ج- رفاقت (اعمال ۴۴:۲-۴٦؛ ۳۵:۸-۳۸ ؛ افسیوں ۱۱:۴-۱٦)

د۔ مُنادی (اعمال ۴۷:۲؛ ۴۲:۵؛ ۴:۸؛ ۱۰:۱۹؛ فِلپیوں ۱۵:۲-۱٦)

**مرحلہ ۹:** **تضریب کار شاگردیت**


پہلے ۸ مراحلہ کو دوہرا کر نئی کلیسیاء میں تضریب کا ر شاگرد بنائیں۔ (۱- تِھسلُنیکیوں ۷:۱-۸)

**مرحلہ ۱۰:** **مرحلہ ۱۰: مہم کا شروع کرنے کے لئے کندھے سے کندھا ملائیں۔**

ارشادِاعظم کی تکمیل کے لئے دیگر راہنما وں کے ساتھ مل کر تضریب کار شاگردیت کی مہم کو شروع کریں

*www.StrategicImpactInternational.com*

خدمتی خاکہ



## سٹریٹیجک ایمپیکٹ
# روحانی ترقی کے سوالات

ان سوالات کا مقصد مسیح کے لیے آپ کی عقیدت، ذاتی تعلقات، دیندار کردار، اور آپ کے وعدوں کی وفاداری میں اضافہ کرنے میں آپ کی مدد کرنا ہے۔
آپ خدا اور ایک دوسرے کے سامنے گناہ کے اقرار کے ذریعے باہمی شاگردیت کے جذبے کے ساتھ ساتھ بڑھیں گے۔ (۱-یوحنا ۹:۱؛ یعقوب ۱٦:۵؛ افسیوں ۲۵:۴؛ گلتیوں ۱:٦)۔
ان سے حقیقی محبت کے جذبے سے ایمانداری، فضل اور مکمل رازداری کے ساتھ سوال جواب کیے جائیں۔ یہ ملامت کا وقت نہیں ہے (رومیوں ۱:۸)، بلکہ خدا اور پڑوسی کی محبت، اچھے اعمال اور راستبازی کی طرف حوصلہ افزائی کا ہے۔

«مگر رُوح کا پھل مُحبّت۔ خُوشی۔ اِطمِینان۔ تحمُّل۔ مِہربانی۔ نیکی۔ اِیمانداری۔حِلم۔ پرہیزگاری ہے۔ اَیسے کاموں کی کوئی شرِیعت مُخالِف نہیں۔»

(گلتِیوں ۲۲:۵-۲۳)

**اس ہفتے۔۔۔**

۱۔ کیا آپ نے **روح القدس کے تابع ہیں** اور **یسوع کے لیے پرجوش محبت** کو قائم رکھا ہے؟
۲۔ کیا آپ اپنے **خاندان، دوستوں، ایمانداروں ، پڑوسیوں اور دُشمنوں** کے ساتھ اپنے تعلقات میں **محبت، اِطمینان، تحمل ، مہربانی اور معافی** کی روش اختیار کرتے ہیں؟
۳۔ کیا آپ نے مسیح کے لئے اپنی **محبت اورعقیدت** میں **ترقی** کی؟ کیسے؟
۴۔ کیا آپ نے اپنے **مالی معاملات میں خود ضبطی کا مظاہرہ کیا اور مسیح کا احترام** کیا؟
۵۔ کیا آپ نے **جنسی خیالات اور اعمال، اور کسی بھی لَت آور رویے** پرخود ضبطی کا مظاہرہ کیا؟
٦۔ آپ نے اِس ماہ کس کو اپنے **خدمتی خاکہ** میں **شامل** کیا؟

**آپ کے عہد اور سفر کی ٹیم کے بارے میں ایک لفظ۔۔۔**

جیسا کہ آپ اپنی سفر کی ٹیم میں بڑھتے اور ایک ساتھ خدمت کرتے ہیں، آپ کے پاس ٹیم کا ایک رکن ہو سکتی ہے جو اپنے ہفتہ وار ذمہ داری («میں کروں گی» کے دعوے، مُنادی، شاگردی، اور بائبل پڑھنا) کو پورا نہیں کر سکتا یا نہیں کرے گا۔ یہ ان کی زندگی میں دیگر ذمہ داریوں کی وجہ سے ہوسکتا ہے یا یہ سفر کے راستے سے وابستگی کی کمی کی وجہ سے ہوسکتا ہے۔ اگر ایسا ہے تو، ہم اس صورتحال سے نمٹنے کا حتمی فیصلہ آپ کی سفری ٹیم پر چھوڑ دیتے ہیں۔ ہماری سفارش یہ ہے کہ محنتی رُکن کو اپنے ہفتہ وار وعدوں کو پورا کرنے کے لیے ۲ یا ۳ ہفتے کا وقت دیا جائے، اور اگر وہ وعدے پورے کرنے میں ناکام رہتے ہیں، تو آپ انہیں اپنی سفری ٹیم سے نکال دیں اور ان کے بغیر آگے بڑھیں۔ مستقبل میں جب وہ سفر کے راستے پر پُرعزم ہوں گے تو ان کا مستقبل میں ایک اور سفری ٹیم میں شمولیت کا خیرمقدم ہے۔ وہ لوگ جو ارشادِ اعظم کو پورا کریں گے وہ لوگ ہوشیار، امیر ترین، یا سب سے زیادہ پرجوش نہیں ہوں گے ۔ وہ لوگ جو ارشادِاعظم کو پورا کریں گے وہ لوگ سب سے زیادہ عقیدت مند، وفادار اور مسیح کے فرمانبردار ہوں گے۔

**نوٹ:** اس دستاویز میں تمام بائبلی حوالاجات پاکستان بائبل سوسائٹی (اُردو ترجمہ) سے لئے گئے ہیں۔ حق اشاعت ۲۰۰۱ کراس ویے ، گُڈ نیوز پبلیشرز کی اشاعتی منسٹری محفوظ ہیں۔ باضابطہ اجازت سے استعمال کیا جاسکتا ہے۔ جُملہ حقوق محفوظ ہیں۔

**سٹریٹیجک ایمپیکٹ- آپکی کھوئی ہوئی دُنیا تک پہنچنے کے لئےزندگی بھرکا سفر**

# سفر کی ٹیم کا عمل

آپ کی سفری ٹیم میں خوش آمدید۔ مسیح میں آپ کے ۳ سے ۵ بھائیوں اور/یا بہنوں کی ٹیم یسوع مسیح میں ابدی زندگی کی واحد امید کے ساتھ آپ کی کھوئی ہوئی دنیا تک پہنچنے کے لیے ایک ساتھ زندگی بھر کے سفر پر ہے۔ جیسےایک ساتھ لمبا پیدل سفر کرنے کی طرح، آپ کی ٹیم کو بھی باقاعدہ آرام کے مقام کی ضرورت ہوگی۔ **سفر کے آرام** کے مقام ٹیم کی ہفتہ وار میٹنگ کے طور پر ہونے چاہئیں اور اس میں تقریباً ڈیڑھ گھنٹہ لگے گا۔ ہم نے دیکھاہے کہ ایک ہی وقت اور **جگہ پر آرام** کے مقام کا انعقاد استحکام اور عزم کی حوصلہ افزائی کرتا ہے۔ ہر آرام کے مقام میں ۴ جائزے اور ۱۰ سوالات شامل ہوں گے جو آپ کو ایک ساتھ کامیابی کے ساتھ اپنی منزل تک پہنچنے میں مدد کریں گے۔ آرام کا مقام مشترکہ طور پر تحقیق کرنے کا وقت ہوتا ہے — کوئی بھی «سکھاتا» نہیں ہے، لیکن جب آپ بائبل کا کوئی حوالہ پڑھیں گے، پھر گفتگو کریں گے اور سوالات کے جواب دیں گے، تو ٹیم میں شامل ہر شخص ایک دوسرے سے سیکھے گا۔

۱۔ **پیچھے دیکھیں**- کسی بھی سفر کی طرح، یہ دیکھنا فائدہ مند ہے کہ آپ نے آخری **آرام کے مقام** کے بعد کیسے ترقی کی ہے۔ پیچھے دیکھنے میں گفتگو کے پہلے تین سوالات شامل ہیں جن پر توجہ مرکوز ہے:

- مسیح میں آپکی روحانی اور کردار کی ترقی ۔**(سوال ۱)**
- پچھلے آرام کے مقام پر آپکے کیے گئے وعدوں کی پاسداری۔ **(سوال ۲)**
- وہ لوگ جنہیں آپ نے گُزشتہ ہفتے کے دوران گواہی سُنائی اور شاگردیت میں لیا۔ **(سوال ۳)**

**نوٹ:** یہ **پیچھے دیکھنے** کے سوالات بہت اہم ہیں۔ آپ کا سفر علم میں بڑھنے اور یسوع کی فرمانبرداری کے بارے میں ہے۔ اگر ٹیم کے اراکین ہر ہفتے اپنی ذمہ داری کو پورا نہیں کرتے ہیں، تو ٹیم کو آگے نہیں بڑھنا چاہیے، لیکن اس آرام کے مقام کی میٹنگ میں دوبارہ اُسی مواد کو دہرانا چاہیے۔

۲۔ **اُوپر دیکھیں** – آپ کی ٹیم آپ کے سفر کے دوران بڑھنے کا طریقہ سیکھنے کے لیے بائبل میں خدا کی طرف دیکھے گی۔ آپ ہر ہفتے بائبل مقدس کے ایک مخصوص حوالے کی بنیاد پر **سوال نمبر** ۴ **اور ۵** پر گفتگو کریں گے: آپ کو اس حوالے کے بارے میں کیا پسند ہے یا کیاحوصلہ افزا ی حاصل ہوئی؟ اور اس حوالے سے آپ کو کون سی چیز الجھن میں ڈالتی ہے یا آپ کو بے چین کرتی ہے؟

۳۔ **اندر دیکھیں** – اندر جھانکنے کے لئے **سوال نمبر ٦ اور ۷** پر غور کریں، جو بائبل مقدس کے حوالے کی مخصوص سچائی سے متعلق ہیں۔ یہ سوالات آپ کو یہ سوچنے میں مدد کرتے ہیں کہ آپ بائبل کی سچائی جس پر آپ گفتگو کر رہے ہیں اُسےکس طرح لاگو کریں گے ۔ **اندر دیکھنے** کےسوالات کے بعد، آپ کی ٹیم ایک صفحے کی راہنمائے سفر کو ایک ساتھ پڑھے گی۔ یہ راہنمائے سفر بنیادی بائبلی سچائیوں‌کو واضح کرنے میں مدد کرے گی۔

۴۔ **آگے دیکھیں – سوال نمبر ۸** آپ کو لکھنے میں راہنمائی کرے گا کہ آپ اس ہفتے بائبلی سچائی کی فرمانبرداری کے لیے خاص طور پر کیا کریں گے۔ **سوال ۹** میں آپ اس بات کی فہرست بنائیں گے کہ آپ آنے والے ہفتے میں کس کو یسوع کے بارے میں بتائیں گے یا شاگرد بننے کا ارادہ رکھتے ہیں، اور اس بات پر تبادلہ خیال کریں گے کہ آپ اور آپ کی سفر کی ٹیم آپ کے اگلے آرام کے مقام سے پہلے مُنادی اور شاگردیت میں ایک ساتھ کیسے کام کر سکتے ہیں۔ **سوال ۱۰** پوچھتا ہے کہ آنے والے ہفتے میں آپ بائبل کا کون سا حصہ روزانہ پڑھیں گے۔ ہم تجویز کرتے ہیں روزانہ کم از کم بائبل مقدس کے ۳ ابواب پڑھیں، تاہم یہ آپ پر منحصر ہے۔ آپ کے **سوال نمبر ۸، ۹ اور ۱۰** میں لی گئی ذمہ داریوں کی تکمیل کی تصدیق اگلی آرام **کے مقام** میٹنگ کے دوران کی جائے گی۔

۵۔ **دُعا** – آخر میں، جیسے ہی آپ اپنا آرام **کا مقام** ختم کرتے ہیں، ایک دوسرے کی ضروریات کے لیے دعا کریں اور آپ کی اگلی **آرام کے مقام** میٹنگ تک ایک دوسرے کے لیے دعا کرتے رہیں۔

ہر **آرام کے مقام** کی مُلاقات اسی طرزِعمل پرہو گی — **۴ جائزے** اور **۱۰ سوالات۔** سفر کے **مرحلہ ۱** میں خداوند آپ کو بائبل سے جو کچھ سکھاتا ہے اس کی تعمیل کرتے ہوئے جیسے آپ ایک ساتھ مل کر بڑھیں گے ، آپ اپنی **کھوئی ہوئی دنیا تک پہنچنے کا اپنے سفر** میں مسلسل تضریب کار شاگرد بنانے کے لیے تیار ہوں گے۔

آپ کا پہلا **آرام کا مقام** اگلے صفحہ پر شروع ہوتا ہے۔ خُداوند آپ کو بہت برکت دے جب آپ اپنی **کھوئی ہوئی دنیا تک پہنچنے کا اپنا سفر** شروع کر رہے ہیں۔

**سٹریٹیجک ایمپیچکٹ- آپکی کھوئی ہوئی دُنیا تک پہنچنے کا زندگی بھر کا سفر**

## مرحلہ ۱- آرام کا مقام ۱ آپکی پہلی محبت

**۳-۵ اراکینِ ٹیم** **۴ جائزے- ۱۰ سوالات** **۱۵ آرام کے مقامات**

**پیچھے دیکھیں** (صفحہ نمبر ٦ پر دیئے روحانی ترقی کے سوالات پر نظرثانی)

۱۔ کیا آپ نےخود کو روح القدس کے تابع کیا ہے اور یسوع کے لیے پرجوش محبت کو قائم رکھا ہے؟

۲۔ (**نوٹ:** اگلی بار شروع ہونے والے سفر کے دوران ہر ایک آرام کے مقام کے لیے آپ سے پوچھا جائے گا: کیا اس ہفتے آپ نے اپنی بائبل مقدس کا مطالعہ وفاداری سے کیا اور اس ہفتہ بھی وعدہ کرتا ہوں کہ «میں کروں گی»؟)

۳۔ کیا آپ کھوئے ہوں‌کو گواہی دینے اور دوسروں کو شاگرد بنانے میں وفادار تھے؟ کون؟

(**نوٹ:** اگر کسی نے اپنی ذمہ داری پوری نہیں کی تو آگے **مت** بڑھیں! اگلے آرام کے مقام پر جانے سے پہلے ہر ایک کو اپنی ذمہ داریوں کو پورا کرنا چاہیے۔ اگر ایسا اکثر ہوتا ہے تو مدد کے لیے صفحہ ٦ دیکھیں۔)

**اُوپر دیکھیں**

**مُکاشفہ ۲:۱-۷** بُلند آواز سے پڑھیں اورمندرجہ ذیل سوالات پر مِل کر گفتگو کریں ۔

۴۔ آپ کو اس حوالے کے بارے میں کیا پسند ہے یا کیاحوصلہ افزا ی حاصل ہوئی؟

۵۔ اس حوالے سے آپ کو کون سی چیز الجھن میں ڈالتی ہے یا آپ کو بے چین کرتی ہے؟

**اندردیکھیں**

**مُکاشفہ ۲:۱-۷** دوبارہ بُلند آواز سے پڑھیں گُفتگو کریں۔۔۔

٦۔ آپ کبھی کبھار کون سی خدمت/مذہبی سرگرمیاں یسوع کے ساتھ پہلی محبت کی رفاقت کا متبادل بناتے ہیں؟

۷۔ کونسے عملی اقدام مسیح کے ساتھ پہلی محبت کی رفاقت میں ترقی کرنے میں مدد گار ہوتے ہیں؟

**(اگلے صفحہ پر دی گئی راہنمائے سفر ۱ مل کر پڑھیں۔)**

**آگے دیکھیں**

**مُکاشفہ ۲:۱-۷** دوبارہ بُلند آواز سے پڑھیں گُفتگو کریں۔۔۔

۸۔ آیات کی روشنی میں اس ہفتہ آپ فرمانبرداری کے عمل کے طور پر **کیا کریں گے؟** خاص بات؟

«میں کروں گی ____________________________»

۹۔ آپ اس ہفتے کسے یسوع کے بارے میں بتائیں گے اور اس ہفتے کس کو شاگرد بنائیں گے؟ (ذرائع صفحہ نمبر ۴۷-۵۰)

نام:____________________________________

آپ اس ہفتے مل کر بطور سفری ٹیم کیسے مُنادی اور شاگردیت کر سکتے ہیں؟

۱۰۔ آپ اس ہفتے روزانہ بائبل مقدس کا کونسا حصّہ پڑھیں گے؟ (۳ ابواب روازنہ تجویز کئے گئے ہیں)

**دُعا**

جیسے آپ اختتام کرتے ہیں، ایک دوسرے کی ضروریات کے لیے دعا کریں اور اگلے ہفتے کے **آرام کے مقام** تک دعا میں خُدا کے حضور ان ضروریات کو پیش کرتے رہیں۔

## سٹریٹیجک ایمپیکٹ- آپکی کھوئی ہوئی دُنیا تک پہنچنے کا زندگی بھر کا سفر

# مرحلہ ۱- راہنمائے سفر ۱- آپکی پہلی محبت

متّی ۳۷:۲۲-۴۰ میں یسوع مسیح نے واضح کیا کہ خُدا اپنے کوگوں سے کیا توقع رکھتا ہے: اُس نے اُن سے کہا کہ خُداوند اپنے خُدا سے اپنے سارے دِل اور اپنی ساری جان اور اپنی ساری عقل سے مُحبّت رکھ۔بڑا اور پہلا حُکم یہی ہے۔ اور دُسرا اِس کی مانند یہ ہے کہ اپنے پڑوسی سے اپنے برابر مُحبّت رکھ ۔ اِنہی دو حُکموں پر تمام تُوریت اور انبیا کے صحیفوں کا مدار ہے۔

ہر چیز سے بڑھ کر، خُدا چاہتا ہے کہ آپ اُس سے اپنے تمام وجود سے پیار کریں۔ یہ ایک حیران کُن بات ہے — ابدی، قادر مطلق خالق آپ کے ساتھ محبت کا رشتہ چاہتا ہے!

خدا اسرائیل کی مذہبی سرگرمیوں یا قربانیوں کے خلاف شکوہ نہیں کرتا۔ بلکہ اُس کا شکوہ یہ تھا کہ اُنہوں نے اُن چیزوں کو اُس کے لیے محبت بھری عقیدت کی جگہ لے لیا۔(دیکھیں زبور ۶:۴۰-۸؛ ۷:۵۰-۱۷)۔ اُس کا غصہ ان کی بت پرستی سے بھڑکا تھا، اُس سے بڑھ کر کسی اور چیز کی عبادت کی۔ (دیکھیں حزقی ایل ۹:۶)

مُکاشفہ ۱:۲-۷ یسوع اِفسس میں کلیسیاءکو اُن کی محنت ، برداشت، پاکیزگی، درست عقائد اور اُس کے لیے تکلیف اُٹھانے پر سراہتے ہیں ۔ یہ واقعی ایک اچھی کلیسیاء تھی! پھر بھی وہ انہیں ملامت کرتا ہے کیونکہ وہ اپنی پہلی محبت کھو چکے تھے (آیت ۴)۔ وہ ان سے کہتا ہے کہ توبہ کریں اور اس (اور دوسروں) کے ساتھ پرجوش، پہلی محبت کی رفاقت میں واپس آئیں، یا وہ ان کے چراغ دان کو ہٹا دے گا، جو ان کی کلیسیاء تھی (آیت ۵۔ مُکاشفہ ۲۰:۱ بھی دیکھیں)۔ یسوع انہیں بتاتا ہے — اور آپکو — کہ وہ محبت کے بغیر کلیسیاء کے مقابلے میں کوئی کلیسیاء نہیں رکھتا!

ہر ایک کو خدا کی محبت کے بدلے خدا کی خدمت کرنے کے خطرے کا سامنا ہے۔ لوگ اکثر عہدوں، القابات، دولت اور طاقت سے متاثر ہوتے ہیں — یہاں تک کہ کلیسیاء میں بھی! تاہم، خُدا اُس دل سے متاثر ہوتا ہے جو پوری طرح اُس کے لیے وقف ہے (زبور۶:۴۰-۸)۔ خدا آپ کی خدمت سے زیادہ آپ کے ساتھ قریبی، محبت کا رشتہ چاہتا ہے۔

یسوع کے ساتھ محبت کا بڑھتا ہوا رشتہ ایک مسیحی کے طور پر آپ کی زندگی میں ہر چیز کا منبع ہے۔ ہر دوسری ترغیب بالآخر ناکام ہو جائے گی۔ یسوع کے لیے محبت ہی واحد چیز ہے جو آپ کو مشکلات اور مایوسیوں سے گزرتے ہوئےمحفوظ رکھےگی۔ یسوع کے لیے محبت ہی وہ واحد چیز ہے جو آپ کو لوگوں سے پیار کرنے میں مدد کرے گی۔

یسوع کے لیے محبت وہ واحد چیز ہے جو آپ کو کھوئے ہوئے لوگوں کے ساتھ خوشخبری بانٹنے کے لئے مجبورکرتی رہے گی۔ یسوع کے لیے محبت ہی وہ واحد چیز ہے جو آپ کو ارشادِاعظم کو پورا کرنے کے لیے متحرک رکھے گی۔ یسوع کے لیے محبت ہی وہ واحد چیز ہے جو آپ کو آزمائشوں اور ایذارسانی پر قابو پانے میں مدد دے گی۔ یسوع نے کہا (اگر تُم مُجھ سے مُحبت رکھتے ہو تو میرے حُکموں پر عمل کرو گے۔ یوحنا ۱۵:۱۴) محبت سے فرمانبرداری نکلتی ہے۔

**مرکزی سچائی:** خُدا حقیقی مخلص پیروکار چاہتا ہے جو تُند مزاجی سے یسوع کے ساتھ مُحبت رکھتے ہوں۔

**[«آگے دیکھیں" کی بابت گفتگو کرنے کے لئے پچھلے صفحہ پر واپس جائیں]**

| |
|---|
| **سٹریٹیجک ایمپیکٹ- آپکی کھوئی ہوئی دُنیا تک پہنچنے کا زندگی بھر کا سفر** |
| **مرحلہ ۱ آرام کا مقام ۲ مسیح میں آپکی شناخت** |
| **۳-۵ ٹیم کے اراکان ۴ جائزے- ۱۰ سوالات ۱۵ آرام کے مقامات** |

**پیچھے دیکھیں** (صفحہ نمبر ٦ پر دیئے روحانی ترقی کے سوالات پر نظرثانی)

۱۔ کیا آپ اپنے خاندان، دوستوں، ایمانداروں ، پڑوسیوں اور دُشمنوں کے ساتھ اپنے تعلقات میں محبت، اِطمینان، تحمل ، مہربانی اور معافی کی روش اختیار کرتے ہیں؟

۲۔ کیا اس ہفتے آپ نے اپنی بائبل مقدس کا مطالعہ وفاداری سے کیا اور اس ہفتہ بھی وعدہ کرتے ہوں کہ «میں کروں گی»؟

۳۔ کیا آپ کھوئے ہوں‌کو گواہی دینے اور دوسروں کو شاگرد بنانے میں وفادار تھے؟ کون؟

(**نوٹ**: اگر کسی نے اپنی ذمہ داری پوری نہیں کی تو آگے **مت** بڑھیں! اگلے آرام کے مقام پر جانے سے پہلے ہر ایک کو اپنی ذمہ داریوں کو پورا کرنا چاہیے۔ اگر ایسا اکثر ہوتا ہے تو مدد کے لیے صفحہ ٦ دیکھیں۔)

**اُوپر دیکھیں**

**رومیوں ۸:۱۴-۱٦** بُلند آواز سے پڑھیں اور مل کر مندرجہ ذیل سوالات پر گُفتگو کریں:

۴۔ آپ کو اس حوالے کے بارے میں کیا پسند ہے یا کیاحوصلہ افزا ی حاصل ہوئی؟

۵۔ اس حوالے سے آپ کو کون سی چیز الجھن میں ڈالتی ہے یا آپ کو بے چین کرتی ہے؟

**اندر دیکھیں**

**رومیوں ۸:۱۴-۱٦** دوبارہ پڑھیں اور گفتگو کریں

٦۔ خُدا سے پوچھیں: «آپ میرے بارے میں کیا سوچتے ہیں؟ جو بھی خُدا آپ سے کلام کرے اُسے لکھیں۔

۷۔ خُدا سے پوچھیں: «آپ میرے بارے میں کیا کہتے ہیں کہ میں کون ہوں؟ جو بھی خُدا آپ سے کلام کرے اُسے لکھیں۔

**(اگلے صفحہ پر راہنمائے سفر ۲ مل کر پڑھیں)**

**آگے دیکھیں**

**رومیوں ۸:۱۴-۱٦** دوبارہ پڑھیں اور جواب دیں:

۸۔ آیات کی روشنی میں اس ہفتہ آپ فرمانبرداری کے عمل کے طور پر **کیا کریں گے؟**خاص بات؟

«میں کروں گی ____________________________________»

۹۔ آپ اس ہفتے کسے یسوع کے بارے میں بتائیں گے اور اس ہفتے کس کو شاگرد بنائیں گے؟ (ذرائع صفحہ نمبر ۴۷-۵۰)

نام:

آپ اس ہفتے مل کر بطور سفری ٹیم کیسے مُنادی اور شاگردیت کر سکتے ہیں؟

۱۰۔ آپ اس ہفتے روزانہ بائبل مقدس کا کونسا حصّہ پڑھیں گے؟ (۳ ابواب روزانہ تجویز کئے گئے ہیں)

**دُعا**

جیسے آپ اختتام کرتے ہیں، ایک دوسرے کی ضروریات کے لیے دعا کریں اور اگلے ہفتے کے **آرام کے مقام** تک دعا میںخُدا کے حضور ان ضروریات کو پیش کرتے رہیں۔

**سٹریٹیجک ایمپیکٹ - آپکی کھوئی ہوئی دُنیا تک پہنچنے کا زندگی بھر کا سفر**

## مرحلہ ۱ - راہنمائے سفر ۲ - مسیح میں آپکی شناخت

آپ کون ہے؟ آپ کے وجود کا کیا مقصد ہے؟ ان دو سوالوں کے درست جواب آپ کی زندگی کو اہمیت اور معنی ملے گا۔ ان دو سوالوں کے جوابات کا علم نہ ہونا مایوسی اور نااُمیدی کا باعث بنے گا۔

لیکن جوابات کہاں سے آتے ہیں؟ آپ کا معاشرہ اور ثقافت آپ کو دونوں سوالوں کے جواب فراہم کرنے کی کوشش کرتےہیں۔ دوسرے لوگ آپ کی تعریف کرنے کی کوشش کرتے ہیں اور آپ کو اُس شناخت اور مقصد کے اندر رہنے پر مجبور کرتے ہیں جو وہ آپ کو دیتے ہیں۔ دوسری طرف، بہت سے لوگ اپنی حقیقی شناخت اور مقصد کو دریافت کرنے کے لیے اپنے اندر گہرائی میں تلاش کرنے کی کوشش کرتے ہیں۔ لیکن آپ کون ہیں اور آپ کے وجود کا مقصد کیا ہے اِس کا جواب دینے کے لئے ان ذرائع میں سے کوئی بھی قابل اطمینان نہیں ہے، اور نہ ہی یہ درست ہیں۔

صرف وہی واحد ہستی جو واقعی جانتا ہے کہ آپ کون ہیں اور آپ کےوجودکا مقصد کیا ہے، وہی ذات ہے جس نے آپ کو خلق کیا اور آپ کو بچایا: خود خدا۔ زبور نویس خدا کے بارے میں بیان کرتا ہے: «کیونکہ میرے دِل کو تو ہی نے بنایا۔ میری ماں کے پیٹ میں تو ہی نے مجھے صورت بخشی۔» (زبور۱۳۹:۱۳)۔ خدا آپ کی **شناخت** جانتا ہے کیونکہ اس نے آپ کوخلق کیا ہے۔ خدا نے یرمیاہ نبی سے فرمایا «اِس سے بیشتر کے میں نے تُجھے بطن میں خلق کیا ۔ میں تُجھے جانتا تھا اور تیری وِلادت سے پہلے میں نے تجھے مخصُوص کیا اور قوموں کے لئے تُجھے نبی ٹھہرایا۔» (یرمیاہ ۵:۱)۔خُدا آپکے وجود کے **مقصد** کو جانتا ہے اور اِسکی وجہ یہ ہے کہ اُس نے آپکو خلق کیا۔

لہٰذا ، نہ توآپ اور نہ ہی کوئی اور آپ کی حقیقی شناخت کا تعین کر سکتا ہے۔ نہ تو آپ اور نہ ہی دوسرے آپ کے وجود کے اصل مقصد کی وضاحت کر سکتے ہیں۔ آپ صرف وہی شناخت اور مقصد حاصل کر سکتے ہیں جو خدا نے آپ کو دیا ہے۔

آپ کو خدا کے بیٹوں/بیٹیوں کے طور پر اپنی حقیقی شناخت اس وقت ملتی ہے جب روح القدس آپ کے دلوں میں یسوع میں ایمان کے وسیلے مافوق الفطرت تبدیلی کا باعث بنتا ہے۔ یہ ایسی چیز نہیں ہے جو آپ اپنے لیےخود سے کر سکتے ہیں۔ جب روح القدس آپ پر بھید ظاہر کرتا ہے تو آپ «روحانی فہم» کا تجربہ کر سکتے ہیں کہ آپ کون ہیں اور آپ کا وجود کیوں ہے۔

پالوس رسول آپ کے لیے دعا کرتا ہے کہ آپ کو خُدا کی روحانی تفہیم میں حِکمت اور مُکاشفہ کی روح بخشے: «کہ ہمارے خُداوند یِسُوعؔ مسیح کا خُدا جو جلال کا باپ ہے تُمہیں اپنی جان میں حِکمت اور مُکاشفہ کی روح **بخشے** اور تُمہارے دِل کی آنکھیں روشن ہو جائیں تاکہ تُم کو **معلوم** ہو۔۔۔»(افسیوں ۱:۱۷-۱۸الف)۔ آپ جان سکتے ہیں کہ آپ کون ہیں کیونکہ خدا نے اپنے کلا م بائبل مقدس میں اس کا واضح طور پر اعلان کیا ہے۔ لیکن آپ یہ تبھی سمجھیں گے جب آپ ایمان اور مُکاشفہ کے وسیلہ سے اپنی شناخت اور وجود کے مقصد کو قبول کریں گے۔

مسیح کو قبول کرنے سے پہلے آپ روحانی «یتیم» تھے۔لیکن نجات کا حاصل کرتے ہی خداآپ خُدا کے لے پالِک «بیٹے /بیٹیاں» بن جاتے ہیں اور وہ آپکو «لیکن جس چیز کو نہیں دیکھتے اگر ہم اُسکی اُمید کریں تو صبر سے اُسکی راہ دیکھتے ہیں۔» (رومیوں ب ۸:۲۵)۔ بطور بچوں کی طرح اپنائے جانے کے نتیجہ میں اب آپ خُدا کو: «ابّا! باپ!» کہہ کر پُکار تے ہیں۔

تاہم ، جب تک کہ آپ مسیح میں اپنی حقیقی شناخت کے بارے میں باپ کے اعلان کو **سنتے اور قبول** نہیں کر لیتے کہ: ‹‹تم میرے پیارے بیٹے/ بیٹی ہو۔ آپ ایک «یتیم روح» سے جیتے رہیں گے ۔ میں آپ سے بہت خوش ہوں!» آپ اپنے آسمانی پاپ سے اپنی حقیقی شناخت اور مقصد کو **قبول** کرکے **تقویت** پائی۔

«آپ کہتے ہیں کہ میں کون ہوں؟»اور «میرا وجود کیوں ہے؟» اور پھر ایمان کے ذریعے اپنی حقیقی شناخت اور مقصد کو زندہ کرتے ہیں۔

**مرکزی سچائی:** حقیق شناخت اور مقصد کا حصول انسانی جدوجہد سے نہیں بلکہ اِسکا واحدہ ذریعہ «روح القدس کا مُکاشفہ «ہے ۔

**[«آگے دیکھیں" کی بابت گفتگو کرنے کے لئے پچھلے صفحہ پر واپس جائیں]**

**سٹریٹیجک ایمپیکٹ آپکی کھوئی ہوئی دُنیا تک پہنچنے کا زندگی بھر کا سفر**

## مرحلہ ۱ - آرام کا مقام ۳ - آپکی کی اولین ترجیح

**۳-۵ ٹیم کے اراکان** **۴ جائزے- ۱۰ سوالات** **۱۵ آرام کے مقامات**

**پیچھے دیکھیں** (صفحہ نمبر ٦ پر دیئے روحانی ترقی کے سوالات پر نظرثانی)

۱۔ کیا آپ نے اس ہفتے مسیح کے لئے اپنی محبت اورعقیدت میں ترقی کی؟ کیسے؟

۲۔ کیا اس ہفتے آپ نے اپنی بائبل مقدس کا مطالعہ وفاداری سے کیا اور اس ہفتہ بھی وعدہ کرتے ہوں کہ «میں کروں گی»؟

۳۔ کیا آپ کھوئے ہوں‌کو گواہی دینے اور دوسروں کو شاگرد بنانے میں وفادار تھے؟ کون؟

(**نوٹ:** اگر کسی نے اپنی ذمہ داری پوری نہیں کی تو آگے **مت** بڑھیں! اگلے آرام کے مقام پر جانے سے پہلے ہر ایک کو اپنی ذمہ داریوں کو پورا کرنا چاہیے۔ اگر ایسا اکثر ہوتا ہے تو مدد کے لیے صفحہ ٦ دیکھیں۔)

**آگے دیکھیں**

**متّی ۱۸:۲۸-۲۰** اور **۲۔تیِمُتھِیُس ۲:۲** بُلند آواز سے پڑھیں اور مل کر مندرجہ ذیل سوالات پر گُفتگو کریں:

۴۔ آپ کو اس حوالے کے بارے میں کیا پسند ہے یا کیاحوصلہ افزا ی حاصل ہوئی؟

۵۔ اس حوالے سے آپ کو کون سی چیز الجھن میں ڈالتی ہے یا آپ کو بے چین کرتی ہے؟

**اندر دیکھیں**

**متّی ۱۸:۲۸-۲۰** اور **۲۔تیِمُتھِیُس ۲:۲** دوبارہ پڑھیں اور گُفتگو کریں

٦۔ ایسا کیوں ہے کہ بہت سے پادری صاحبان اور راہنما کھوئی ہوئی دنیا تک پہنچنے کے بجائے کلیسیائی سرگرمیوں پر زیادہ توجہ دیتے ہیں؟

۷۔ تضریب کار شاگرد بنانے پر توجہ مرکوز کرنے سے آپ کی خدمت کی ترجیحات کیسے بدلیں گی؟

**(اگلے صفحہ پر راہنمائے سفر ۳ مل کر پڑھیں)**

**آگے دیکھیں**

**متّی ۱۸:۲۸-۲۰** اور **۲۔تیِمُتھِیُس ۲:۲** دوبارہ بُلند آواز سےپڑھیں اور گُفتگو کریں

۸۔ آیات کی روشنی میں اس ہفتہ آپ فرمانبرداری کے عمل کے طور پر **کیا کریں گے؟**خاص بات؟

«میں کروں گی ________________________________________»

۹۔ آپ اس ہفتے کسے یسوع کے بارے میں بتائیں گے اور اس ہفتے کس کو شاگرد بنائیں گے؟ (ذرائع صفحہ نمبر ۴۷-۵۰)

نام: ________________________________________

آپ اس ہفتے مل کر بطور سفری ٹیم کیسے مُنادی اور شاگردیت کر سکتے ہیں؟

۱۰۔ آپ اس ہفتے روزانہ بائبل مقدس کا کونسا حصّہ پڑھیں گے؟ (۳ ابواب روازنہ تجویز کئے گئے ہیں)

**دُعا**

جیسے آپ اختتام کرتے ہیں، ایک دوسرے کی ضروریات کے لیے دعا کریں اور اگلے ہفتے کے **آرام کے مقام** تک دعا میں خُدا کے حضور ان ضروریات کو پیش کرتے رہیں۔

## سٹریٹیجک ایمپیکٹ - آپکی کھوئی ہوئی دُنیا تک پہنچنے کا زندگی بھر کا سفر

# مرحلہ ۱ - راہنمائے سفر ۳ - آپکی اولین ترجیح

بہت سے پادریوں اور کلیسیائی راہنماؤں کے پاس چرچ کی تعمیر کے لئے ایک نیک لیکن گمراہ کُن ، عزم ہے۔ بہت سے لوگ اکثر ایک بڑی کلیسیاء کو بہت سے لوگوں کے ساتھ، ایک اچھی عمارت، بڑے پروگرامز، ایک بڑا بجٹ اور ایک اچھی شہرت کے طور پر بیان کرتے ہیں۔ اس طرح کی کلیسیاء خدا کی نظر میں بڑی ہو سکتی ہے، یا نہیں ۔

بھر حال، یسوع نے کبھی بھی آپ میں سے کسی کو ایک بڑی کلیساء تعمیر کرنے کے لیے نہیں بلایا۔ آپ کو نئے عہد نامے میں چرچ کی بڑی عمارت بنانے، یہاں تک کہ بڑی کلیسیاء قائم کرنے کا حکم بھی نہیں ملے گا! کسی بھی کلیسیاء کے بارے میں اہم بات یہ نہیں ہے کہ اس کے پاس موجود لوگوں، عمارتوں یا پروگراموں کی تعداد کتنی ہے۔ بلکہ یہ ہے کہ آیا وہ کلیسیاء خدا کے بنیادی مقصد کو پورا کر رہی ہے یا نہیں۔

اگر یسوع نے آپکو چرچ کی عمارت تعمیر کرنے کے لئے نہیں بُلایا، تو پھر کیوں بُلایا؟اُس نے اپنے آخری حُکم میں اِسکی وضاحت کی۔ «پس تُم جاکر سب قَوموں کو شاگِرد بناؤ۔۔۔» (متّی ۱۹:۲۸)۔ یہ آپکا ارشادِاعظم ہے۔آپ کا بنیادی مقصد خوشخبری کو اپنے محلوں، دیہاتوں، شہروں اور قوموں کے لوگوں تک پہنچانا اور اس کی بادشاہی کو پھیلانے والے تضریب کار شاگرد بنانا ہے۔ آپ کو یہ نمونہ نئے عہد نامے میں اعمال کی کی کتاب میں ملتا ہے۔ جیسا کہ رسولوں اور شاگردوں نے مزید شاگرد بنانے پر توجہ مرکوز کی، کلیسیائیں قائم کی ،اور وہ بڑھتے گئے (دیکھیں اعمال ۱:٦, ۷؛ ۹:۳۱؛ ۱۰:۱۹)۔ اِن کلیسیاؤں کے باُلکل سادہ ڈھانچے تھے اور آسانی سے بڑھتے اور پھیلتےجاتے تھے۔ ان کی قیادت ایمان میں بڑھتے ہوئے رہنما کر رہے تھے اور یہ عبادت، ایک دوسرے کی خدمت، باہمی شاگردیت اور اجنبی لوگوں کو گواہی دینے جیسے سادہ طریقوں میں مصروف تھے۔(۱-تِمُتھِیُس ۳، طِطُس ۱؛ ۱- کُرِنتھِیوں ۱۴؛ کُلُسِیّوں ۱۵:۳-۱۷; ۲:۴-٦)۔

بھائیو اور بہنو، آپ کو اپنی سوچ کو بدلنا چاہیے کہ خُدانے آپ کو کیا کرنے کے لیے بلایا ہے! آپ کی بنیادی توجہ بڑی کلیسیائیں قائم کرنااور عمارتیں بنانانہیں ہے بلکہ تضریب کار شاگردوں کو تیار کرنا اور بڑھانا ہے۔ اگر آپ تضریب کار شاگردبنانے کواپنا مقصد بناتے ہیں، تو نتیجہ تضریب کار کلیسیاؤں کی صورت میں حاصل ہو گا!

یسوع کا آخری حُکم آپکی اولین ترجیح ہونی چاہیے۔

**مرکزی سچائی:** یسوع نے آپکوبڑی کلیسیاء قائم کرنے کے لئے نہیں بلکہ تضریب کار شاگرد بنانے کے لئے بُلایا ہے۔

**(«آگے دیکھیں» گفتگو کے لیے پچھلے صفحہ پر واپس جائیں)**

سٹریٹیجک ایمپیکٹ - آپکی کھوئی ہوئی دُنیا تک پہنچنے کا زندگی بھر کا سفر

# مرحلہ ۱ - آرام کا مقام ۴ - انجیل کے سادہ پیغام کو واضح کرنا

**۳-۵ ٹیم کے اراکان** **۴ جائزے- ۱۰ سوالات** **۱۵ آرام کے مقامات**

**پیچھے دیکھیں** (صفحہ نمبر ٦ پر دیئے روحانی ترقی کے سوالات پر نظرثانی)

۱۔ کیا آپ نے اپنے مالی معاملات میں خود ضبطی کا مظاہرہ کیااور مسیح کا احترام کیا؟

۲۔ کیا اس ہفتے آپ نے اپنی بائبل مقدس کا مطالعہ وفاداری سے کیا اور اس ہفتہ بھی وعدہ کرتے ہوں کہ «میں کروں گی»؟

۳۔ کیا آپ کھوئے ہوں‌کو گواہی دینے اور دوسروں کو شاگرد بنانے میں وفادار تھے؟ کون؟

(**نوٹ:** اگر کسی نے اپنی ذمہ داری پوری نہیں کی تو آگے **مت** بڑھیں! اگلے آرام کے مقام پر جانے سے پہلے ہر ایک کو اپنی ذمہ داریوں کو پورا کرنا چاہیے۔ اگر ایسا اکثر ہوتا ہے تو مدد کے لیے صفحہ ٦ دیکھیں۔)

## اُوپر دیکھیں

**۱۔کُرِنتھِیوں ۱:۱۵-۸** بُلند آواز سے پڑھیں اور مل کر مندرجہ ذیل سوالات پر گُفتگو کریں:

۴۔ آپ کو اس حوالے کے بارے میں کیا پسند ہے یا کیاحوصلہ افزا ی حاصل ہوئی؟

۵۔اس حوالے سے آپ کو کون سی چیز الجھن میں ڈالتی ہے یا آپ کو بے چین کرتی ہے؟

## اندر دیکھیں

**۱۔کُرِنتھِیوں ۱:۱۵-۸** دوبارہ پڑھیں اور گفتگو کریں۔۔۔

٦۔ یہ آیات کسی کو نجات اور ابدی زندگی کے حصول کے مُتعلق کیا سکھاتی ہیں؟

۷۔ مسیحی بعض اوقات دوسروں کو خدا کی طرف سے ابدی زندگی حاصل کرنے کے مُتعلق کیسے الجھاتے ہیں؟

**(اگلے صفحہ پر راہنمائے سفر ۴ مل کر پڑھیں)**

## آگے دیکھیں

**۱۔کُرِنتھِیوں ۱:۱۵-۸** دوبارہ پڑھیں اور گفتگو کریں۔۔۔

۸۔ آیات کی روشنی میں اس ہفتہ آپ فرمانبرداری کے عمل کے طور پر **کیا کریں گے؟** خاص بات؟

«میں کروں گی ____________________________________»

۹۔ آپ اس ہفتے کسے یسوع کے بارے میں بتائیں گے اور اس ہفتے کس کو شاگرد بنائیں گے؟ (ذرائع صفحہ نمبر ۴۷-۵۰)

نام: ____________________________

آپ اس ہفتے مل کر بطور سفری ٹیم کیسے مُنادی اور شاگردیت کر سکتے ہیں؟

۱۰۔آپ اس ہفتے روزانہ بائبل مقدس کا کونسا حصّہ پڑھیں گے؟ (۳ ابواب روازنہ تجویز کئے گئے ہیں)

## دُعا

جیسے آپ اختتام کرتے ہیں، ایک دوسرے کی ضروریات کے لیے دعا کریں اور اگلے ہفتے کے **آرام کے مقام** تک دعا میں خُدا کے حضور ان ضروریات کو پیش کرتے رہیں۔

## سٹریٹیجک ایمپیکٹ - آپکی کھوئی ہوئی دُنیا تک پہنچنے کا زندگی بھر کا سفر
# مرحلہ ۱ - راہنمائے سفر ۴ - انجیل کے سادہ پیغام کو واضح کرنا

خُدا چاہتا ہے کہ ہر کوئی نجات پائے اور سچائی کو پہچانے (۱ تیمتھیس ۲:۴)۔ اس نے آپ کو مُنادی کے اس عظیم مقصد میں اپنے ساتھ شریک ہونے کے لیے بلایا ہے۔ ہماری رویا یہ ہے کہ ہر کوئی یسوع، جو ابدی زندگی کی واحد امید ہے کے بارے میں جاننے ۔

اپنی کھوئی ہوئی دنیا تک پہنچنے کے اپنے زندگی بھر کے سفر میں آپ کو اپنی اردگردکے لوگوں کے ساتھ انجیل کومسلسل پیش کرناچاہیے۔ یہ بہت اہم ہے کہ آپ انجیل کو سمجھیں اور اسے **سچے، واضح** اور **آسان** طریقے سے شیئر کریں تاکہ دوسرے مسیحی ایمان میں بچ جائیں۔ تجربے سے دیکھا گیا ہے کہ بہت سے مسیحی - یہاں تک کہ پادری اور راہنما بھی - اس اہم ترین مسئلے کے مُتعلق الجھن میں ہیں۔

انجیل کے پیغام کے ضروری عناصر ۱ کرنتھیوں ۱۵:۱-۸، ۵۱-۵۳ میں پائے جاتے ہیں:

۱۔ **مسیح یسوع آپکے گُناہوں کی خاطر مُوا،** آیت ۳۔
الف- خداانسان سے مُحبت کرتا ہے اور اُسکی خواہش ہے کہ سب بچ جائیں اور ہمشہ کی زندگی پائیں(یوحنا ۱۶:۳، ۱- تِیمُتھِیُس ۴:۲)۔
ب۔ سب نےگُناہ کیا اور خُدا سے دور ہو گئے۔ (رومیوں ۲۳:۳)۔
ج۔ یسوع خُدا کا بیٹا گُناہ سے پاک ہے جس نے گُناہ کی قیمت ادا کی اور وہی ابدی زندگی میں داخل ہونے کا واحد راستہ ہے۔ (رومیوں ۸:۵؛ یوحنا ۶:۱۴)۔
۲۔ **یسوع مسیح دِفن ہوئے،** آیت ۴
۳۔ **یسوع تیسرے دِن مُردوں میں سے جی اُٹھا۔ آیت ۵-۸**
۴۔ **جو یسوع مسیح کو شخصی طور پر اپنا نجات دہندہ قبول کرتا ہے اُس کے گُناہ معاف ہو جاتے ہیں اور وہ ہمشہ کی زندگی کا وارث بن جاتا ہے۔** آیت ۱-۲، ۵۱-۵۳۔
الف۔ صرف یسوع میں خُدا کے فضل کے ذریعے ابدی زندگی کا تحفہ حاصل کرنے سے ہی آپ کو نجات ملی ہے (افسیوں ۸:۲-۹)۔
ب۔ ایمان (یسوع پر بھروسہ) گناہ سے نجات پانے اور ابدی زندگی حاصل کرنے کا واحد راستہ ہے(یوحنا ۱۲:۱ ؛ ۱۶:۳ رومیوں ۹:۱۰-۱۰)۔

سٹریٹیجک ایمپیکٹنے ایک مُنادی کا ذریعہ ترتیب دیا ہے تاکہ آپ کو انجیل کے اِس سادہ پیغام کو پیش میں مدد ملے اور دوسروں کو مسیح پر ایمان لانے کا موقع فراہم کیا جا سکے۔

**مندرجہ ذیل صفحات پر اس ذریعہ اور اسے استعمال کرنے**
**کے طریقے سے متعلق ہدایات کا جائزہ لیں۔**

**مرکزی سچائی:** لگاتار سچا، سادہ اور واضح انجیل کا پیغام پیش کرتے رہیں اور زیادہ سے زیادہ لوگوں کو دعوت دیتے رہیں۔

**(«آگے دیکھیں» کی بابت گفتگو کرنے کے لئے پچھلے صفحہ پر واپس جائیں)**

**نوٹ:** سٹریٹیجک ایمپیکٹ مُنادی کے ذریعہ کا مکمل حصّہ صفحہ نمبر ۴۷-۴۸ پر درج ہے۔
انجیلی بشارت میں استعمال کے لیے بلا جھجھک لامحدود کاپیاں (اپنے خرچ پر) بنائیں۔




۱۔ اپنی گواہی پیش کریں:

- مسیح پر ایمان لانے سے پہلے آپکی زندگی کیسی تھی،
- آپ کیسے یسوع پر بطور اپنانجات دہندہ ایمان لائے،
- نجات کے لیے یسوع پر بھروسہ کرنے کے بعد آپ کی زندگی کتنی مختلف تھی۔

**<u>اِنھیں ذرائع کا اگلا خانہ دیکھائیں</u>**

**بولیں:** کیا میں آپ سے کچھ سوال پوچھ سکتا ہوں کہ آپ کس چیز پر یقین رکھتے ہیں اور آپ کو بائبل سے بتا سکتا ہوں کہ آپ کیسے یقین کر سکتے ہیں کہ آپ کے پاس ہمیشہ کی زندگی ہے؟»

۲۔ انہیں مثلث دکھائیں اور بتائیں کہ یہ خاکہ خدا کی نمائندگی کرتا ہے۔ پوچھیں، **کیا آپ خدا پر یقین رکھتے ہیں؟ کیا آپ کو یقین ہے کہ وہ آپ سے محبت کرتا ہے؟»** اس شخص کے جواب کا انتظار کریں۔ یہ سوالات آپ کو اس شخص سے بات کرنے کی بجائے اس سے گفتگو کرنے کے قابل بنائیں گے۔

۳۔ **ہر خاکے کے ساتھ بائبل مقدس کی آیت پڑھنا ضروری ہے۔ یوحنا ۱۶:۳** سے شروع کریں۔ (۱)


- پوچھیں کہ کیا کسی شخص کے پاس بائبل مقدس ہے۔ اگر اُن کے پاس ہے ، تو ان سے کہیں بائبل مقدس میں آیات کو تلاش کریں اور اس میں ان کی مدد کریں۔ اگر ان کے پاس بائبل نہیں ہے، تو آپ اپنی بائبل سے یا مُنادی ذرائع کتابچہ کے پیچھے پائی جانے والی آیات (اگر وہ وہاں چھپی ہوئی ہیں) آیات پڑھ سکتے ہیں۔
- اگر وہ شخص آیات پڑھ لے تو بہتر ہے۔ تاہم، اگر وہ پڑھ نہیں سکتے تو آپ مُستعد رہیں۔ اگر وہ ہچکچاتے ہیں یا کچھ کہتے ہیں جیسے کہ میرے پاس میری عینک نہیں ہے، تو آپ اسے ان کے لیے پڑھیں۔


۴۔ انہیں پہلے خانہ کے نیچے والے شخص کاخاکہ دکھائیں۔ **پوچھیں، آپ کے خیال میں یہ کس کی نمائندگی کرتا ہے؟»** وہ کہہ سکتے ہیں، لوگ، یا شیطان» یا کوئی اور شخص۔ انہیں بتائیں کہ یہ خاکہ دنیا میں ہر ایک کی نمائندگی کرتا ہے - آپ، میں اور باقی سب۔ سیاہ گڑھے کی نشاندہی کریں، جو اس بات کی طرف اشارہ کرتا ہے کہ لوگ خدا سےجُدا ہو گئے ہیں۔ رومیوں ۲۳:۳ **(۲) پڑھیں اور**

پوچھیں، بائبل کہتی ہے کہ آپ خدا سے الگ ہو گئے ہیں کیونکہ ہم میں سے ہر ایک نے گناہ کیا ہے۔ کیا آپ کو یقین ہے کہ آپ نے خدا کے خلاف گناہ کیا ہے؟

۵۔ رومیوں ۲۳:٦ (۳) پڑھیں، اندھیراعلاقہ لوگوں کو خدا سے الگ ظاہر کر رہا ہے۔ پوچھیں،

کیا آپ یقین رکھتے ہیں کہ آپ کے گناہ موت کا سبب بنتے ہیں - خدا سے ابدی علیحدگی؟»






۶۔ اگلے خانے کی جانب بڑھیں جو صلیب کو پیش کرتا ہے۔ رومیوں ۵:۸ (۴) پڑھیں اور کہیں، «**خُدا ہم سے پیار کرتا ہے اور اُس نے اپنے بیٹے ،یسوع مسیح، کو بھیجا جس نے ہمارے گناہوں کی قیمت ادا کرنے کے لئے صلیب پر اپنی جان دی اور اُس تک پہنچے کا ذریعہ مہیا کیا۔ کیا آپ کو یقین ہے کہ یسوع آپ کے لیے صلیب پر مُوا؟**»

۷۔ یوحنا ۱۴:۶ (۵) پڑھیں اور پوچھیں ، «**کیا یسوع مسیح خدا میں ابدی زندگی حاصل کرنے کا واحد ذریعہ ہے؟**»

۸۔ ۱-کُرنتھِیوں ۱۵:۳-۸ (۶) اور پوچھیں، «**کیا آپ یقین رکھتے ہیں کہ خدانے یسوع کو مُردوں میں سے زندہ کیا؟**»

۹۔ تیسرے خانے کی جانب بڑھیں اور اِنکوتحفے کی تصویر دیکھائیں اور کہیں، «**خُدا چاہتا ہے کہ آپ اُس کے ساتھ ہمیشہ کی زندگی پائیں اور وہ یہ پیشکش مفت تحفہ کے طور پر کرتا ہے۔**» پھر افسیوں ۲:۸-۹ (۷) پڑھیں، «**اگر آپ یسوع کے نام پر یقین رکھتے ہیں، تو خدا آپ کو خدا کے فرزند بننے کی پیشکش کرتا ہے۔**» پھر یوحنا ۱:۱۲ (۸)کو پڑھیں۔

۱۰۔ **جو اُس کے تُحفہ سے انکار کرتے ہیں خُدا اُن سے فرماتا ہے:** پڑھیں ۲-تِھسّلُنیکیوں ۱:۸-۱۰ (۹)۔ «**لیکن اگر آپ اِس تحفہ کو ایمان سے قبول کرتے ہیں، خُدا کا وعدہ ہے کہ آپ اُس کے ساتھ ہمیشہ کی زندگی پائیں۔**» (۱-یوحنا ۵:۱۱-۱۲) **(۱۰)۔**

۱۱۔ **پوچھیں: «کیا آپ آج یسوع مسیح میں ہمیشہ کی زندگی کا تحفہ حاصل کرنے چاہتے ہیں؟»**

۱۲۔ اگر وہ **ہاں** میں جواب دیں، «تو رومیوں ۱۰:۹-۱۰ **(۱۱)۔** آپ اپنے دل میں **ایمان** لا کر اور اپنے منہ سے **اقرار** کر کے آج ہی مسیح کو ایمان سے حاصل کر سکتے ہیں۔ دعا آپ کو نہیں بچاتی۔ **مسیح میں آپ کا ایمان** ہے جو آپ کو بچاتا ہے۔ دعا کے الفاظ آپ کو اپنے ایمان کا اظہار کرنے میں مدد کر سکتے ہیں۔ یہاں ایک دعا کا نمونہ ہے: **خداوند یسوع، مجھے آپ کی ضرورت ہے۔ میں‌اقرار کرتا ہوں کہ میں نے آپ کے خلاف گناہ کیا ہے۔ میرے گناہوں کو معاف فرما۔ میں آج آپ کے گناہوں کی معافی اور ابدی زندگی کےمفت تحفہ کو ایمان کے ساتھ قبول کرتا ہوں۔ یسوع کے نام میں، آمین۔**»

نام ____________________

پتہ ____________________

فون نمبر ____________________

تاریخ ____________________ عمر ____________

☐ میں آج یسوع کو اپنا نجات دہندہ قبول کرتی ہوں۔

☐ میں یسوع مسیح میں اپنے نئے ایمان میں بڑھنے کے لئے کل مِل سکتی ہوں۔

کل کا وقت ____________________

یا دوسری تاریخ ____________________ وقت ____________


☐ میں یسوع مسیح کے بارے میں مزید جاننے کے لئے اپنے پڑوس میں دوسرے لوگوں سے ملنے میں دلچسبی رکھتی ہوں۔

۱۳۔ جب کوئی ایمان کے ساتھ خُدا کے ابدی زندگی کے مفت تحفہ کو قبول کرنے کے بعد۔ «**پوچھیں، کیا آپ کو مسیح پر بھروسہ ہے کہ وہ آپ کے گناہوں کو معاف کرے گا اور آپ کو ہمیشہ کی زندگی دے گا؟**» پھر اُن کی نئے ایمان میں حوصلہ افزائی کریں اور اُن کے لیے دعا کریں۔

۱۴۔ اسٹریٹیجک ایمپیکٹ مُنادی کا ذریعہ کے آخری خانےکو پھاڑ دیں۔ اُن کے رابطے کی معلومات جمع کریں اور مناسب خانوں کو چیک کریں۔

۱۵۔ اگر ممکن ہو تو، کل ان سے ملاقات کے لیے ایک وقت مقرر کریں تاکہ اسٹریٹیجک امپیکٹ شاگردیت کا ذریعہ کا استعمال کرتے ہوئے نئے ایماندار کو نظم و ضبط دینا شروع کیا جا سکے۔ (صفحہ ۳۵)

۱٦۔ رابطہ کی معلومات قائم شدہ کلیسیاء کے راہنما کو دیں۔





(اگلے صفحے پر جاری ہے)

# کون؟

آپ کس کو انجیل کا سادہ اور واضح پیغام پیش کریں؟
**ہر کوئی** - لیکن ان لوگوں سے شروع کریں جن کے ساتھ آپ کا پہلے سے تعلق ہے۔

۱۔ لوگوں جن کے ساتھ آپ کا تعلق **روزمرہ کی زندگی** کے معمولات میں ہےاِن کی **فہرست** تیار کرنے کے لیے نیچے دیے گئے چارٹ کا استعمال کریں ۔ یہ تعلق آپ کا کوئی قریبی دوست یا کوئی ایسا شخص ہو سکتی ہے جسے آپ نے بازار میں باقاعدگی سے دیکھا ہو، لیکن ان کا نام تک نہیں جانتے۔
۲۔ اگلے ہفتے کے دوران، **روزانہ دعا** کریں کہ خُدا ہر شخص کے دل کو انجیل کے لیے کھول دے۔
۳۔ **ان کے پاس جانے** کے لیے وقت نکالیں (یہ آپ کے معمول کے مطابق ہو سکتی ہے)، خُدا نے آپ کے لیے جو کچھ کیا ہے اس کا بیان کریں، اور اسٹریٹیجک امپیکٹ مُنادی کے ذریعہ کا استعمال کرتے ہوئے ان کو سچا، سادہ، واضح انجیل کا پیغام **پیش** کریں۔
۴۔ آپ کی اگلی مُلاقات کے دوران کیا ہوا اس کے بارے میں اپنی سفری ٹیم کو **رپورٹ** پیش کریں۔




- ان لوگوں کے لیے مُستعدرہیں جنہیں خدا آپ کی **روزمرہ کی زندگی** میں آپکے روبرو کراتاہے جن سے آپ بات چیت کر سکتے ہیں۔
- آپ (**اور آپ کی سفری ٹیم**) کو بھی دعا کرنی چاہئے اور کسی مخصوص گروہ یا جگہ کی شناخت کرنی چاہئے جہاں آپ انجیل پیش کریں گے۔

سٹریٹیجک ایمپیکٹ - آپکی کھوئی ہوئی دُنیا تک پہنچنے کا زندگی بھر کا سفر

# مرحلہ ۱ - آرام کا مقام ۵ - آپکی شخصی گواہی

**۵-۳ ٹیم کے اراکان** **۴ جائزے- ۱۰ سوالات** **۱۵ آرام کے مقامات**

**پیچھے دیکھیں** (صفحہ نمبر ٦ پر دیئے روحانی ترقی کے سوالات پر نظرثانی)

۱۔ کیا آپ نے جنسی خیالات اور اعمال، اور کسی بھی لَت آور رویے پرخود ضبطی کا مظاہرہ کیا؟
۲۔ کیا اس ہفتے آپ نے اپنی بائبل مقدس کا مطالعہ وفاداری سے کیا اور اس ہفتہ بھی وعدہ کرتے ہوں کہ «میں کروں گی»؟
۳۔ کیا آپ کھوئے ہوں‌کو گواہی دینے اور دوسروں کو شاگرد بنانے میں وفادار تھے؟ کون؟

(**نوٹ:** اگر کسی نے اپنی ذمہ داری پوری نہیں کی تو آگے **مت** بڑھیں!
اگلے آرام کے مقام پر جانے سے پہلے ہر ایک کو اپنی ذمہ داریوں کو پورا کرنا چاہیے۔
اگر ایسا اکثر ہوتا ہے تو مدد کے لیے صفحہ ٦ دیکھیں۔)

**اُوپر دیکھیں**

**اعمال ۱:۲٦-۲۹** بُلند آواز سے پڑھیں اور مل کر مندرجہ ذیل سوالات پر گُفتگو کریں:

۴۔ آپ کو اس حوالے کے بارے میں کیا پسند ہے یا کیاحوصلہ افزا ی حاصل ہوئی؟

۵۔ اس حوالے سے آپ کو کون سی چیز الجھن میں ڈالتی ہے یا آپ کو بے چین کرتی ہے؟

**اندر دیکھیں**

**اعمال ۱:۲٦-۲۹** دوبارہ بُلند آواز سے پڑھیں اور مل کر گفتگو کریں۔۔۔

٦۔ وہ کون سی اہم چیزیں تھیں جن پر پولُس نے اپنی ذاتی نجات کی گواہی میں زور دیا؟

۷۔ ایک یا دو اہم چیزیں بتائیں جو آپ کے مسیحی میں آنے کے بعد سے یسوع نے آپ کی زندگی میں بدلی ہے۔

**(اگلے صفحہ پر راہنمائے سفر ۵ مل کر پڑھیں)**

**آگے دیکھیں**

**اعمال ۱:۲٦-۲۹** دوبارہ بُلند آواز سے پڑھیں اور مل کر گفتگو کریں۔۔۔

۸۔ آیات کی روشنی میں اس ہفتہ آپ فرمانبرداری کے عمل کے طور پر **کیا کریں گے؟** خاص بات؟

«میں کروں گی ___________________________________»

۹۔ آپ اس ہفتے کسے یسوع کے بارے میں بتائیں گے اور اس ہفتے کس کو شاگرد بنائیں گے؟ (ذرائع صفحہ نمبر ۴۷-۵۰)

نام:___________________________________________

آپ اس ہفتے مل کر بطور سفری ٹیم کیسے مُنادی اور شاگردیت کر سکتے ہیں؟

۱۰۔آپ اس ہفتے روزانہ بائبل مقدس کا کونسا حصّہ پڑھیں گے؟ (۳ ابواب روازنہ تجویز کئے گئے ہیں)

**دُعا**

جیسے آپ اختتام کرتے ہیں، ایک دوسرے کی ضروریات کے لیے دعا کریں اور اگلے ہفتے کے **آرام کے مقام** تک دعا میں‌خُدا کے حضور ان ضروریات کو پیش کرتے رہیں۔

## سٹریٹیجک ایمپیکٹ - آپکی کھوئی ہوئی دُنیا تک پہنچنے کا زندگی بھر کا سفر

# مرحلہ ۱ - راہنمائے سفر ۵ - آپکی شخصی گواہی

ہر مسیحی ، پالُوس کی طرح، یسوع کے ساتھ اپنے تجربے کے بارے میں ایک کہانی (گواہی) رکھتا ہے۔ آپ کی شخصی گواہی آپ کی منفرد کہانی ہے کہ آپ نے یسوع پر کیسے بھروسہ کیا اور اس نے آپ کی زندگی کو کیسے بدلا۔ خدا آپ کی گواہی کو دوسروں پر اثر انداز کرنے ، اُسکی کہانی یعنی خوشخبری سنانے کے لئے دروازے کھولنے کے لئے استعمال کرے گا۔

خدا کے لیے آپ کو استعمال کرنے کے لیے ضروری ہے کہ آپ «باہر والوں» کے ساتھ شامل ہوں۔ (کلسیوں ۵:۴) جب آپ اجنبیوں سے ملتے اور بات کرتے ہیں، تو «ان کی کہانی» کے بارے میں پوچھنا شروع کریں۔ ان کے ماننے کے بارے میں سوالات پوچھیں۔ **یہاں سوالات** کی مثالیں ہیں جو کسی دوسرے شخص کے خدا کے ساتھ تعلق کے بارے میں جاننے میں مدد کریں گی۔

«آپ خُدا پر یقین رکھتے ہیں؟ کیوں، یا کیوں نہیں؟»
«آپ خُدا کے ساتھ اپنے تعلق کو کیسے بیان کریں گے؟ «کیا آپ ا خود کوُاس سے دورسمجھتے ہیں یا اُسکے قریب؟»
«آپ کے خیال میں کیا چیز آپ کو خُدا کے ساتھ مظبوط تعلق قائم کرنے روکتی ہے؟» آپ کیا سمجھتے ہیں
کہ آپ کو خُدا کے ساتھ ایک مظبوط تعلق قائم رکھنےکے لیے کیا کرنا پڑے گا؟ «کیا آپکو یقین ہے کہ موت کے بعد آپکو خُدا میں ابدی زندگی ملے گی؟»
«آپکے خیال میں یسوع مسیح کون ہے؟» «آپ کے خیال میں وہ دُنیا میں کیوں آیا؟» وہ اپنی مرضی سے صلیب پر کیوں مُوا؟»
«آپ کے خیال میں خُدا آپ سے اس بات کا یقین کرنے کے لیے کیا تقاضا کرتا ہے کہ آپ کو مرنے کے بعد اُس کے ساتھ ہمیشہ کی زندگی ملے گی؟»

**اجازت لیں** یہ بتانے کے لئے کے یسوع نے آپکی زندگی میں کیا تبدیلی لائی (آپکی شخصی گواہی)۔ آپکی کہانی لازمی۔۔۔

- **مختصرً** - ایک سے ذیادہ نہیں (ذیادہ سے ذیادہ ۲) منٹ!
- **بات چیت کریں** - «تبلیغی» یا واعظی نہیں، بلکہ ایک مکالمہ، ایک عام گفتگو کے لہجے کا استعمال کرتے ہوئے۔ حفظ نہ کیاہو۔
- **مذہبی یاالہیاتی الفاظ سے پرہیز کریں** جو «اجنبی» نہیں سمجھتے ہیں۔
- **آپ کی کلیسیاء (یا کسی دوسری کلیسیاء)** یا دیگر غیر ضروری مسائل کے بارے میں نہ ہوں: اخلاقی مسائل، سیاست وغیرہ۔
- **یسوع کے بارے میں**اور اس نے آپ کی زندگی میں کیا کیا ہے!
- **تین بنیادی حصوں یا حرکات** کو شامل کریں:
  ۱۔ یسوع سے ملنے سے پہلے آپکی زندگی کیسی تھی۔۔۔
  ۲۔ آپ یسوع سے کیسے ملے۔۔۔
  ۳۔ یسوع نے آپکی زندگی میں کیا تبدیلی لائی / لا رہا ہے۔۔۔
- **انجیل کے بنیادی عناصر پر مشتمل** - کسی کو معلوم ہونا چاہیے کہ وہ صرف آپ کی کہانی سن کر مسیحی کیسے بن سکتے ہیں۔
- ایک عام **انسانی ضرورت/موضوع** پر مُشتمل ہو جو لوگ متعلق ہو سکتی ہے ۔
- **خُدا کی کہانی کے بارے میں سننے کے لیےسوال/دعوت کے ساتھ اختتام کریں:** «کیا آپ جاننا چاہیں گے کہ آپ خُدا میں ابدی زندگی کیسے حاصل کر سکتے ہیں؟»
- **لکھا جائے** (اور تشخیص شدہ/نظرثانی شدہ) **لیکن حفظ نہ کیا جائے۔** اِسے لکھیں اور کسی ایسے شخص کو پڑھ کر سُنائیں جو آپ کو رائے دینے کے لیے «اجنبی» کانوں سے اس کا جائزہ لے گا ۔ اس پر نظر ثانی کریں، پھر اسے ۳۰ دن تک اپنے لئے بلند آواز سے پڑھیں۔
- **اِرادتاً اور اکٹرپیش کیا جائے! کھُلے دروازے کے لیے دعا کریں!**

**مشق:** اس ہفتے مندرجہ بالا ہدایات کے ساتھ اپنی شخصی گواہی لکھیں۔ اس عمومی خاکہ پر عمل کریں۔ **(۱)یسوع سے پہلے میری زندگی۔۔۔**(یسوع کو قبول کرنے سے پہلےاپنی زندگی کی ایک یا دو اہم حقیقتیں بیان کریں) **(۲)میں نے کس طرح یسوع کے بارے میں جانا اور اس پر بھروسہ کیا۔۔ (۳)جو تبدیلی یسوع نے میری زندگی میں لائی ہے۔** (یسوع نے ایک یا دو اہم چیزوں کو کس طرح بدلا۔) اِسے کسی ایسے شخص کو پڑھ کر سُنائیں جو آپ کو رائے دینے کے لیے «اجنبی» کانوں سے اس کا جائزہ لے گا۔ اس پر نظر ثانی کریں۔

اسے ۳۰ دن تک اپنے لئے بلند آواز سے پڑھیں۔ اپنی کہانی کو اکثر پیش کرنے کی کوشش کریں!

**مرکزی سچائی:** خدا آپ کی شخصی گواہی کو پُرزور انداز سے دوسروں کو مسیح میں ایمان سےمتاثر کرنے کے لیے استعمال کرے گا۔

**[«آگے دیکھیں” کی بابت گفتگو کرنے کے لئے پچھلے صفحہ پر واپس جائیں]**

**سٹریٹیجک ایمپیکٹ - آپکی کھوئی ہوئی دُنیا تک پہنچنے کا زندگی بھر کا سفر**

## مرحلہ ۱ - آرام کا مقام ٦ - محبت کی ترجیح

**۳-۵ ٹیم کے اراکان** **۴ جائزے- ۱۰ سوالات** **۱۵ آرام کے مقامات**

**پیچھے دیکھیں** (صفحہ نمبر ٦ پر دیئے روحانی ترقی کے سوالات پر نظرثانی)

۱۔ آپ نے اِس ماہ کس کو اپنے **خدمتی خاکہ** میں **شامل** کیاِ؟

۲۔ کیا اس ہفتے آپ نے اپنی بائبل مقدس کا مطالعہ وفاداری سے کیا اور اس ہفتہ بھی وعدہ کرتے ہوں کہ «میں کروں گی»؟

۳۔ کیا آپ کھوئے ہوں‌کو گواہی دینے اور دوسروں کو شاگرد بنانے میں وفادار تھے؟ کون؟

(**نوٹ:** اگر کسی نے اپنی ذمہ داری پوری نہیں کی تو آگے **مت** بڑھیں! اگلے آرام کے مقام پر جانے سے پہلے ہر ایک کو اپنی ذمہ داریوں کو پورا کرنا چاہیے۔ اگر ایسا اکثر ہوتا ہے تو مدد کے لیے صفحہ ٦ دیکھیں۔)

### اُوپر دیکھیں

**۱ کُرِنتھِیوں ۱:۱۳-۱۳** بُلند آواز سے پڑھیں اور مل کر مندرجہ ذیل سوالات پر گُفتگو کریں:

۴۔ آپ کو اس حوالے کے بارے میں کیا پسند ہے یا کیاحوصلہ افزا ی حاصل ہوئی؟

۵۔ آپ کو اس حوالے کے بارے میں کیا پسند ہے یا کیاحوصلہ افزا ی حاصل ہوئی؟

### اندر دیکھیں

**۱ کُرِنتھِیوں ۱:۱۳-۱۳** دوبارہ پڑھیں اور گُفتگو کریں

٦۔ آپ کو یسوع کی محبت کو مجسم کرنا ہے۔ جیسا کہ آپ نے ۱-کرنتھیوں ۱۳:۴-۷ کو پڑھتے ہیں تو ہر ایک آیت میں لفظ «محبت» کو اپنے نام کے ساتھ کو بدل دیں۔ (مثال: «جارج صابر اور مہربان ہے۔») اگر آپ کا خاندان، دوست، پڑوسی یا دُشمن آپکو سُنیں ، تو وہ کون سے بیان کو درُست تصور کریں گے؟

۷. اپنے تمام رشتوں (خاندان، پڑوس، کلیسیاء) میں محبت کو بہتر طور پر مجسم کرنے کے لیے آپ کو اپنی زندگی میں کون سی خاص تبدیلیاں کرنے کی ضرورت ہے؟

**(اگلے صفحہ پر راہنمائے سفر ٦ مل کر پڑھیں)**

### آگے دیکھیں

**۱ کُرِنتھِیوں ۱:۱۳-۱۳** دوبارہ بُلند آواز سے پڑھیں اور جواب دیں:

۸۔ اِن آیات کی روشنی میں اس ہفتہ آپ فرمانبرداری کے عمل کے طور پر **کیا کریں گے؟**خاص بات؟

«میں کروں گی ________________________________»

۹۔ آپ اس ہفتے کسے یسوع کے بارے میں بتائیں گے اور اس ہفتے کس کو شاگرد بنائیں گے؟ (ذرائع صفحہ نمبر ۴۷-۵۰)

نام:________________________________

آپ اس ہفتے مل کر بطور سفری ٹیم کیسے مُنادی اور شاگردیت کر سکتے ہیں؟

۱۰۔ آُپ اس ہفتے روزانہ بائبل مقدس کا کونسا حصّہ پڑھیں گے؟ (۳ ابواب روزانہ تجویز کئے گئے ہیں)

**دُعا**

جیسے آپ اختتام کرتے ہیں، ایک دوسرے کی ضروریات کے لیے دعا کریں اور اگلے ہفتے کے **آرام کے مقام** تک دعا میں خُدا کے حضور ان ضروریات کو پیش کرتے رہیں۔

## سٹریٹیجک ایمپیکٹ - آپکی کھوئی ہوئی دُنیا تک پہنچنے کا زندگی بھر کا سفر

# مرحلہ ۱ - آرام کا مقام ٦ - محبت کی ترجیح

۱ کرنتھیوں ۱۲ خدا کی طرف سے اپنے لوگوں کو دی گئی مختلف روحانی نعمتوں کی اہمیت کی وضاحت کرتا ہے۔ یہ سیکھاتا ہے کہ اگرچہ آپ کی نعمتیں مختلف ہیں پر آپ کو ایک ہی روح القدس میں متحد ہونا چاہئے ۔ آپ کو اپنی تفریق کے ساتھ ایک دوسرے کی ضرورت ہے تاکہ مسیح کے جسم کی معموری خدا کے جلال کو بہتر طور پر ظاہر کر سکے۔ آپ کو ہدایت دی گئی ہے کہ «اعلیٰ نعمتوں کی دلجوئی سے خواہش کریں۔» اور پھر، بائبل آپ کو بتاتی ہے کہ نعمتوں سے بھی زیادہ اہم کوئی اور چیز ہے - «**سب سے عُمدہ طریقہ**» (۱ کرنتھیوں ۳۱:۱۲ب)۔ سب سے عُمدہ طریقہ **محبت** کا طریقہ ہے جسے کرنتھیوں کے اگلے باب میں بیان کیا گیا ہے۔

۱ کرنتھیوں ۱۳ بہت جانا پہچانا ہے - اتنا جانا پہچانا ہے کہ الفاظ اپنی طاقت کھو چکے ہیں۔ صرف اس بات پر توجہ مرکوز کریں کہ آیت ۱-۳ میں دیگر نعمتوں اور صلاحیتوں کے مقابلے میں محبت کتنی ضروری ہے۔ محبت وہ جزو ہے جو باقی تمام نعمتوں اور صلاحیتوں کو اہمیت دیتا ہے۔ محبت کے بغیر، وہ بے سکون، بے نتیجہ اور بیکار ہیں۔

**متّی ۳٦:۲۲-۴۰ پڑھیں۔** یسوع نے کہا کہ مُحبت— خدا سے محبت اور پڑوسی سے محبت ،شریعت کے تمام تر احکامات اور نبیوں کی تمام تر تعلیمات اور ہدایات کی بنیاد ہے!

۱۔ محبت یسوع مسیح کی طرف سے آپ کے لئے سب سے بنیادی **حکم** ہے (متی ۳۴:۲۲-۴۰؛ ۱-یوحنا ۱۹:۴-۲۱ ؛ متّی ۴۳:۵-۴۷)۔ خدا سے محبت کرو، پڑوسی سے محبت کرو۔ آپ ایک کے بغیردُوسرا نہیں کر سکتے۔
۲۔ محبت روح القدس کے کام کاشواہد ہے۔ (گلتیوں ۲۲:۵-۲۳) روح القدس کا پھل محبت ہے - خوشی، امن، صبر، مہربانی، نیکی، وفاداری، نرمی اور خود پر قابو کے طور پر ظاہر کیا جاتا ہے۔
۳۔ محبت اس بات کا **ثبوت** ہے کہ آپ یسوع مسیح کے پیروکار ہیں۔ (یوحنا ۳۴:۱۳-۳۵) — یسوع سب کو دیتا ہے— گنہگار اور پاکیزہ— کو یہ فیصلہ کرنے کا حق کہ آیا آپ واقعی اس کے شاگردوں میں سے ایک ہیں۔ اس کا واحد معیار ایک دوسرے سے **محبت** ہے۔
۴۔ محبت عقیدہ کی ہدایت کا **مقصد** ہے اور غیر ضروری تعلیمات یا قیاس آرائیوں میں اُلجھ جانے سے خلاف تحفظ کرتی ہے۔ (۱ تیمتھیس ۵:۱)۔
۵۔ محبت آپ کے تمام اعمال کی **جڑ** ہونی چاہیے (۱ کرنتھیوں ۱۳:۱٦-۱۴)۔ جاگتے رہو! اِیمان میں قائِم رہو! مردانگی کرو! - لیکن «جو کچھ کرتے ہو مُحبّت سے کرو۔»

روزمرہ کی زندگی میں محبت کیسی نظر آتی ہے؟ اس کا جواب ۱ کرنتھیوں ۴:۱۳-۱۳ میں ملتا ہے۔ صابر ہے؛ مہربان؛ حُسد نہیں کرتی ؛ شیخی نہیں مارتی نہ ہی پھولتی ہے؛نازیبا کام نہیں کرتی؛ اپنی بہتری نہیں چاہتی؛ جھنجھلاتی نہیں؛ بدگُمانی نہیں کرتی ؛ بدکاری سے خُوش نہیں ہوتی بلکہ راستی سے خُوش ہوتی ہے۔ سب کچھ سہہ لیتی ہے؛ سب کچھ یقین کرتی ہے؛ سب باتوں کی اُمّید رکھتی ہے؛ سب باتوں کی برداشت کرتی ہے۔

جب یسوع واپس آئے گا، تو آپ کو خُدا کے بہت سےنعمتوں کی ضرورت نہیں رہے گی۔
**نبوتیں؟** مَوقُوف ہو جائیں گی۔ کیوں کہ یسوع کی موجودگی میں کیانبوت کی جائے گی؟
**زُبانیں؟** جاتی رہیں گی۔ آپ کو اُن کی کیا ضرورت ہوگی؟
**عِلم؟** مِٹ جائے گا۔ کیونکہ آپ پوری طرح پہچان جائیں گے!
**ایمان؟** آپ کا ایمان بالکل مطمئن ہو جائے گا۔اور آپکو صاف دیکھائی دے گا!
**اُمید؟** آپ کی اُمید یسوع مسیح کی شخصیت میں پوری ہو گی!

**مُحبت؟** تاہم ، ہمشہ رہے گی۔

**مرکزی سچائی:** آپ اپنی زندگی اور اپنی خدمت کے ہر حصے میں جو کچھ کرتے ہیں محبت اُن تمام کاموں کے مرکز میں ہونی چاہیے ۔

[«آگے دیکھیں" کی بابت گفتگو کرنے کے لئے پچھلے صفحہ پر واپس جائیں]

**سٹریٹیجک ایمپیکٹ - آپکی کھوئی ہوئی دُنیا تک پہنچنے کا زندگی بھر کا سفر**

## مرحلہ ۱ - آرام کا مقام ۷ - آپکا بشارتی طرزِزندگی

**۳-۵ ٹیم کے اراکان** | **۴ جائزے- ۱۰ سوالات** | **۱۵ آرام کے مقامات**

**پیچھے دیکھیں** (صفحہ نمبر ٦ پر دیئے روحانی ترقی کے سوالات پر نظرثانی)

۱۔ کیا آپ نےخود کو روح القدس کے تابع کیا ہے اور یسوع کے لیے پرجوش محبت کو قائم رکھا ہے؟

۲۔ کیا اس ہفتے آپ نے اپنی بائبل مقدس کا مطالعہ وفاداری سے کیا اور اس ہفتہ بھی وعدہ کرتے ہوں کہ «میں کروں گی»؟

۳۔ کیا آپ کھوئے ہوں‌کو گواہی دینے اور دوسروں کو شاگرد بنانے میں وفادار تھے؟ کون؟

(**نوٹ:** اگر کسی نے اپنی ذمہ داری پوری نہیں کی تو آگے **مت** بڑھیں! اگلے آرام کے مقام پر جانے سے پہلے ہر ایک کو اپنی ذمہ داریوں کو پورا کرنا چاہیے۔ اگر ایسا اکثر ہوتا ہے تو مدد کے لیے صفحہ ٦ دیکھیں۔)

**اُوپر دیکھیں**

**یوحنا ۱:۴-۳۹** بُلند آواز سے پڑھیں اور مل کر مندرجہ ذیل سوالات پر گُفتگو کریں:

۴۔ آپ کو اس حوالے کے بارے میں کیا پسند ہے یا کیاحوصلہ افزا ی حاصل ہوئی؟

۵۔ اس حوالے سے آپ کو کون سی چیز الجھن میں ڈالتی ہے یا آپ کو بے چین کرتی ہے؟

**اندردیکھیں**

**یوحنا ۱:۴-۳۹** دوبارہ پڑھیں اور گفتگوکریں:

٦۔مسیح میں ایماندار کس سے اور کن سےپرہیز کرتے ہیں، جو انہیں دوسروں تک پہنچنے کے ایک مقصد یعنی یسوع تک پہنچنے کے لیے اس کے نقشِ قدم پر چلنے سے روکتے ہیں؟

۷۔ میں انجیل کی مُنادی کے لیے زندگی گزارنے کے لیے کون سا شخصی منصوبہ تیار کر سکتا ہوں؟

**(اگلے صفحہ پر راہنمائے سفر ۷ مل کر پڑھیں)**

**آگے دیکھیں**

**یوحنا ۱:۴-۳۹** دوبارہ بُلند آواز سےپڑھیں اور جواب دیں:

۸۔ آیات کی روشنی میں اس ہفتہ آپ فرمانبرداری کے عمل کے طور پر **کیا کریں گے؟**خاص بات؟

«میں کروں گی ________________________________»

۹۔ آپ اس ہفتے کسے یسوع کے بارے میں بتائیں گے اور اس ہفتے کس کو شاگرد بنائیں گے؟ (ذرائع صفحہ نمبر ۴۷-۵۰)

نام:________________________________

آپ اس ہفتے مل کر بطور سفری ٹیم کیسے مُنادی اور شاگردیت کر سکتے ہیں؟

۱۰۔ آپ اس ہفتے روزانہ بائبل مقدس کا کونسا حصّہ پڑھیں گے؟ (۳ ابواب روازنہ تجویز کئے گئے ہیں)

**دُعا**

جیسے آپ اختتام کرتے ہیں، ایک دوسرے کی ضروریات کے لیے دعا کریں اور اگلے ہفتے کے **آرام کے مقام** تک دعا میں خُدا کے حضور ان ضروریات کو پیش کرتے رہیں۔

## سٹریٹیجک ایمپیکٹ - آپکی کھوئی ہوئی دُنیا تک پہنچنے کا زندگی بھر کا سفر

# مرحلہ ۱ - راہنمائے سفر ۷ - آپکا بشارتی طرزِزندگی

آپ کے پاس کتنا بڑا استحقاق اور ذمہ داری ہے کہ یسوع مسیح کی خوشخبری کو اپنے اردگردموجود کھوئے ہوئے لوگوں کو پیش کرناہے! صرف انجیل ہی خُدا میں سلامتی اور خُدا میں ابدی زندگی کی اُمید فراہم کرتی ہے۔ صرف انجیل پرایمان رکھنے اور اس کے ذریعہ خُدا کی نجات کی بخشش حاصل کرنے سے کوئی بھی خُدا اور دوسرے لوگوں کے ساتھ ایک ابدی، محبت بھرے تعلق کا تجربہ کر سکتا ہے۔ پطرس رسول آپ کو آپ کے استحقاق اور ذمہ داری کی یاد دلاتا ہے کہ انجیل کو طرز زندگی کے طور پرپیش کریں ۔ ۱- پطرس ۱۵:۳ب «بلکہ مسیح کو خُداوندجان کر اپنے دِلوں میں مُقدّس سمجھو اور جو کوئی تُم سے تمہاری اُمّید کی وجہ دریافت کرے اُس کو جواب دینے کے لئے ہر وقت مُستعد رہو مگر حِلم اور خَوف کے ساتھ۔»

پطرس آپ کو نصیحت کرتا ہے کہ «جواب دینے کے لئے مُستعد رہو»۔ اس کہانی میں آپ نے کنویں پریسوع کی عورت کے ساتھ اتفاقی مُلاقات کے بارے میں پڑھا ، آپ نے دیکھا کیا کہ یسوع خوشخبری پیش کرنے کے لیے تیار تھا اورجب بھی لوگوں سےملےایسا کرنے میں پہل کی۔ اسی طرح، آپ کی تربیت میں، آپ نے یہ سیکھا ہے کہ انجیل کے پیغام کے ضروری عناصر کو کس طرح واضح طور پر اور سادہ انداز میں اسٹریٹیجک ایمپیکٹ مُنادی کے ذریعہ کا استعمال کرتے ہوئے پیش کرنا ہے۔ جیسا کہ آپ اس ذریعہ کا استعمال جاری رکھیں گے، آپ کو انجیل پیش کرنے میں زیادہ اعتماد اور خوشی حاصل کریں گے۔ اپنی شخصی گواہی اور اس ذریعہ سے لیس ہو کر، اور روح القدس کی طرف سے حوصلہ افزائی کے ساتھ، آپ دلیری سے ایسے گُمراہ لوگوں کے ساتھ روحانی گفتگو شروع کریں گے جنہیں خوشخبری سننے کی ضرورت ہے

پطرس آپ کو نصیحت کرتا ہے کہ «جو کوئی آپ سے پوچھتا ہے» اُسکو جواب دینے کے لئے مُستعد رہو۔روح القدس مسلسل دِلوں کو تیار کر رہا ہے تا کہ وہ خوشخبری جو آپ پیش کر تے ہیں اُسے قبول کریں۔وہ لوگوں کو مجرم قرار دیتا ہے کہ وہ گنہگار ہیں اور انہیں خدا سے علیحدگی کا حل تلاش کرنے کی ترغیب دیتا ہے۔ یسوع کو سامری عورت کو قائل کرنے کی ضرورت نہیں تھی کہ وہ ایک گنہگار ہے اور نہ ہی یہ کے اُسے نجات کی ضرورت ہے۔ اسی طرح، آپ کا کام کبھی بھی کسی کو نجات کی ضرورت پر قائل کرنا نہیں ہے۔ بلکہ، آپ کا کام صرف ان کی ضرورت کے لیے خدا کے حل کو پیش کرناہے۔ یہ سچائی آپ کو اعتماد فراہم کرے کہ آپ ان لوگوں کے ساتھ آزادانہ طور پربات چیت کرنے میں پہل کریں جنھیں آپ جانتے ہیں اور ملتے ہیں، یہ جانتے ہوئے کہ روح القدس نے پہلے ہی سچائی قبول کرنے کے لیےاِن کے دلوں کو تیار کر رکھا ہے اور آپ کو ان دلوں میں سچائی کے بیج بونے کے لیے تیارکیا ہے۔ آپ کا کرداریہ ہے کہ مسلسل ایسے لوگوں کو تلاش کرنا ہے جو روحانی مسائل پر بات کرنے کے لیےتیار ہیں۔ یسوع کی طرح، آپ اپنی روزمرہ کی زندگی میں لوگوں سے سوالات پوچھ کر اورگفتگو سے شروعات کر کے ان کی روحانی دلچسپی کی سطح کو جان سکتے ہیں۔

ان طریقوں میں سے ایک جس سے روح دلوں کو انجیل قبول کرنے کے لیے تیار کرتی ہے وہ ان لوگوں کے ذریعے ہے جنہیں ضرورت ہےکہ وہ یسوع میں آپ کی بدلی ہوئی زندگی کا مشاہدہ کر تے ہیں۔ پطرس کا یہی مطلب ہے جب وہ کہتا ہے کہ آپ کو ہر اُس شخص کو جواب دینے کے لیے تیار رہنا چاہیے جو آپ سے «آپ کی اُمید کی وجہ پوچھے»۔ لوگ آپکی زندگی کو دیکھ رہے ہیں۔جس طرح وہ آپ میں روح القدس کے بدلتے ہوئے کام کو دیکھتے ہیں، وہ جاننا چاہیں گے کہ آپ کے پاس جو کچھ ہے وہ بھی اُسے کیسے حاصل کر سکتے ہیں۔مسیح میں آپکی اُمید متعدی اور پُرکشش ہے!

پطرس آپ کو «ہمیشہ» انجیل کو پیش کرنے کے لیے تیار رہنے کی تلقین کرتے ہوئے شروعات کرتا ہے۔انجیلی مُنادی ایک کام سے بڑھ کر ہے۔مُنادی **طرزِزندگی** ہے۔ مُنادی مسیح میں آپ کی اُمید کومتحرک کر رہی ہے جو آپ کے ارد گرد کے لوگوں کے لیے ایک پرکشش پس منظر فراہم کرتی ہے تاکہ آپ جوانجیل اُن کو پیش کرتے ہیں وہ اُس پر یقین کر سکیں ۔ آپ کی زندگی میں خدا کے کام کی آپ کی اپنی کہانی، روح کے آپ کو بدلنے کےشواہدکے ساتھ، آپ کو سادہ، واضح اور دلیری سے دوسروں کو یہ سمجھانے کی اجازت دیتی ہے -- کہ جب وہ یسوع میں بھروسہ کرتے ہیں۔ تو جو کچھ وہ آپ میں دیکھتے ہیں وہ بھی اُس کا تجربہ کر سکتے ہیں،

لہذا، بھائیو اور بہنو، ہمیشہ تیار رہیں اور کسی بھی وقت کسی کے بھی ساتھ خوشخبری سنانے کے لیے پہل کریں کہ یسوع آپ کی اُمید ہے - اور وہ خُدا میں ہمیشہ کی زندگی کے لیے واحد اُمید ہے۔

**مرکزی سچائی:** یسوع نے ہمیشہ ابدی زندگی کے منفرد پیغام کو پیش کیا، اور آپ کو اس پیغام کو زندگی کے راستے کے طور پر ہر شخص تک پہنچا کر اس کی تقلید کرنی چاہیے۔

**[«آگے دیکھیں” کی بابت گفتگو کرنے کے لئے پچھلے صفحہ پر واپس جائیں]**

**سٹریٹیجک ایمپیکٹ - آپکی کھوئی ہوئی دُنیا تک پہنچنے کا زندگی بھر کا سفر**

## مرحلہ ۱- آرام کا مقام ۸- بائبل کی بُنیاد

**۳-5 اراکینِ ٹیم** **۴ جائزے- ۱۰ سوالات** **۱۵ آرام کے مقامات**

پیچھے دیکھیں (صفحہ نمبر ٦ پر دیئے روحانی ترقی کے سوالات پر نظرثانی)

۱۔ کیا آپ اپنے خاندان، دوستوں، ایمانداروں ، پڑوسیوں اور دُشمنوں کے ساتھ اپنے تعلقات میں محبت، اِطمینان، تحمل ، مہربانی اور معافی کی روش اختیار کرتے ہیں؟

۲۔ کیا اس ہفتے آپ نے اپنی بائبل مقدس کا مطالعہ وفاداری سے کیا اور اس ہفتہ بھی وعدہ کرتے ہوں کہ «میں کروں گی»؟

۳۔ کیا آپ کھوئے ہوں‌کو گواہی دینے اور دوسروں کو شاگرد بنانے میں وفادار تھے؟ کون؟

(**نوٹ:** اگر کسی نے اپنی ذمہ داری پوری نہیں کی تو آگے **مت** بڑھیں! اگلے آرام کے مقام پر جانے سے پہلے ہر ایک کو اپنی ذمہ داریوں کو پورا کرنا چاہیے۔ اگر ایسا اکثر ہوتا ہے تو مدد کے لیے صفحہ ٦ دیکھیں۔)

**اُوپر دیکھیں**

**۲-تِیمُتھِیُس ۱۴:۳-۱۷** بُلند آواز سے پڑھیں اور مل کر مندرجہ ذیل سوالات پر گُفتگو کریں:

۴۔ آپ کو اس حوالے کے بارے میں کیا پسند ہے یا کیاحوصلہ افزا ی حاصل ہوئی؟

۵۔ اس حوالے سے آپ کو کون سی چیز الجھن میں ڈالتی ہے یا آپ کو بے چین کرتی ہے؟

**اندردیکھیں**

**۲-تِیمُتھِیُس ۱۴:۳-۱۷** دوبارہ پڑھیں اور گفتگو کریں۔۔۔

٦۔خدا کا آپ کی زندگی میں بائبل مقدس کا کیا مقصد ہے؟

۷۔ بائبل کواستعمال کرنے کے ٦ طریقوں میں سے آپ کو کس میں بڑھنے کی سب سے زیادہ ضرورت ہے؟

**(اگلے صفحہ پر راہنمائے سفر ۸مل کر پڑھیں)**

**آگے دیکھیں**

**۲-تِیمُتھِیُس ۱۴:۳-۱۷** دوبارہ پڑھیں اور گفتگو کریں۔۔۔

۸۔ آیات کی روشنی میں اس ہفتہ آپ فرمانبرداری کے عمل کے طور پر **کیا کریں گے؟**خاص بات؟

«میں کروں گی ________________________________________»

۹ ۔ آپ اس ہفتے کسے یسوع کے بارے میں بتائیں گے اور اس ہفتے کس کو شاگرد بنائیں گے؟ (ذرائع صفحہ نمبر ۴۷-۵۰)

نام: ________________________________________

آپ اس ہفتے مل کر بطور سفری ٹیم کیسے مُنادی اور شاگردیت کر سکتے ہیں؟

۱۰۔ آپ اس ہفتے روزانہ بائبل مقدس کا کونسا حصّہ پڑھیں گے؟ (۳ ابواب روازنہ تجویز کئے گئے ہیں)

**دُعا**

جیسے آپ اختتام کرتے ہیں، ایک دوسرے کی ضروریات کے لیے دعا کریں اور اگلے ہفتے کے **آرام کے مقام** تک دعا میں خُدا کے حضور ان ضروریات کو پیش کرتے رہیں۔


**سٹریٹیجک ایمپیکٹ - آپکی کھوئی ہوئی دُنیا تک پہنچنے کا زندگی بھر کا سفر**

## مرحلہ ١ - راہنمائے سفر ٨ - بائبل کی بُنیاد

کامیاب مسیحی زندگی اور خدمت کی بُنیاد بائبل مقدس کو جاننا اور اُسکی فرمانبرداری کرنا ہے۔خدا نے آپ کو بائبل مقدس دی تاکہ آپ «ہر ایک نیک کام کے لئے بِالکُل تیار ہو جائے۔» (٢- تِیمُتھِیُس ٣:١٦-١٧) آپ اُس وقت تک اپنے ایمان میں ترقی نہیں کر سکتے اور دوسروں کی خدمت نہیں کر سکتے جب تک کہ آپ اپنے دماغ، دل اور طرزِ زندگی کو بائبل کی سچائی سے معمور نہ کرلیں۔بائبل چھ طریقوں کو بیان کرتی ہے جن سے آپ اپنی زندگی کو اس کی سچائی سے معمور کر سکتے ہیں۔

١- **سُنا کریں۔** بنی اسرائیل شریعت کو سُننے کے لئے اکھٹے ہوتے تھے (یشُوع ٨:٣٤-٣٥)۔ پالوس تِیمُتھِیُس کو سرعام بائبل پڑھنے کا کہا (١-تِیمُتھِیُس ٤:١٣)۔ دوسروں کو اسے پڑھتے ہوئے باقاعدگی سے سنیں ، شاید خاندانی طور پر۔ اگر ممکن ہو تو آڈیو ریکارڈنگ کے ذریعے یا انٹرنیٹ پر بائبل کو سُنیں۔

٢- **پڑھا کریں۔** اسرائیل کے ہر بادشاہ نے بائبل کی ایک نقل اپنے لئے ایک اُتار لیتے تاکہ وہ «اپنی ساری عُمر اُس کو پڑھا کرے» (اِستِثنا ١٧:١٨-١٩)۔ کلیسیا کو نئے عہد نامے کے خطوط کو پڑھنے کا حکم دیا گیا ہے(کُلِسّیوں ٤:١٦)۔ آپ کو پوری بائبل کو تسلسل سے اور متواتر ر پڑھنا چاہیے۔ ہم آپکی ترغیب دیں گے کہ آپ روزانہ کم سے کم تین ابواب پڑھیں۔




٣- **مطالعہ کریں۔** عزرا «(خُداوند کی شرِیعت کا طالِب ہو اور اُس پر عمل کرے)» (عزرا ٧:١٠)۔ بائبل کی تعلیمات کو سمجھنے کے لیے بغور مشاہدہ کریں، اس کی تشریح کریں اور اس کا اطلاق کریں، تاکہ آپ ایکراستباز زندگی گزارنا سیکھ سکیں۔ (٢-تِمُتھِیُس ٣:١٦-١٧)۔

٤- **یاد کریں۔** ایک نوجوان بائبل کو اپنے دل میں رکھ کر پاکیزہ رہتا ہے۔(زبور ١١٩:١١) ۔ یسوع شیطان کی آزمائشوں کے خلاف بائبل کی آیات جو اس نے یاد کر رکھی تھیں اُنکا حوالہ دے کر کھڑا رہا (متّی٤:٤، ٧، ١٠)۔ ہم آپ کو ہر ہفتے کم از کم ایک آیت یاد کرنے کی ترغیب دیتے ہیں۔ ایسا کرنے کا ایک آزمایا ہوا طریقہ یہ ہے کہ سات دن تک روزانہ سات مرتبہ بلند آواز سے آیت پڑھیں۔

٥- **دھیان کریں۔** خُدا نے یشُوع سے کہا کہ شریعت کی کتاب پر دِن رات دھیان کرے (یشُوع ١:٨)۔ زبور ١ میں لکھا ہے کہ بائبل پر دھیان کرنے کا نتیجہ ایک پھلدار اور بکثرت زندگی ہے۔ دھیان کرنے کا مطلب ہے غور سے سوچنا کہ بائبل آپ کی زندگی پر کیسے لاگو ہوتی ہے۔دھیان اور یاد کرنا اکٹھا کرتے ہیں ۔

٦- **اطلاق اور فرمانبرداری کریں۔** خدا نے آپ کو اپنی زندگی بدلنے کے لیے بائبل دی ہے۔ اگر آپ بائبل کی سچائی کا اطلاق نہیں کرتے ہیں، تو یعقوب کہتا ہے کہ آپ خُود کو دھوکہ دیتے ہیں (یعقوب ١:٢٢-٢٥)۔

آپ کا ہاتھ ان چھ طریقوں کو یاد رکھنے میں آپ کی مدد کرنے کا ایک اچھا طریقہ ہے۔ انگلیاں بائبل کو استعمال کرنے کے طریقوں کو پیش کرتے

ہیں، اور ہتھیلی فرمانبرداری کو پیش کرتی ہے۔ اگر آپ یہ چھ چیزیں کرتے ہیں، تو آپ کی بائبل پر مضبوط گرفت ہوگی!

**مرکزی سچائی:** مسیحی زندگی اور خدمت کی بُنیاد بائبل کو سمجھنا اور فرمانبرداری کرنا ہے۔

**[«آگے دیکھیں” کی بابت گفتگو کرنے کے لئے پچھلے صفحہ پر واپس جائیں]**

---

**سٹریٹیجک ایمپیکٹ-آپکی کھوئی ہوئی دُنیا تک پہنچنے کا زندگی بھر کا سفر**

## مرحلہ ۱ - آرام کا مقام ۹ - گُناہ کا اقرار اور دوسروں کے ساتھ رفاقت

**۳-۵ اراکینِ ٹیم**     **۴ جائزے- ۱۰ سوالات**     **۱۵ آرام کے مقامات**

---

**پیچھے دیکھیں** (صفحہ نمبر ٦ پر دیئے روحانی ترقی کے سوالات پر نظرثانی)

۱۔ کیا آپ نے اس ہفتے مسیح کے لئے اپنی محبت اورعقیدت میں ترقی کی؟ کیسے؟

۲۔ کیا اس ہفتے آپ نے اپنی بائبل مقدس کا مطالعہ وفاداری سے کیا اور اس ہفتہ بھی وعدہ کرتے ہوں کہ «میں کروں گی»؟

۳۔ کیا آپ کھوئے ہوں‌کو گواہی دینے اور دوسروں کو شاگرد بنانے میں وفادار تھے؟ کون؟

(**نوٹ:** اگر کسی نے اپنی ذمہ داری پوری نہیں کی تو آگے **مت** بڑھیں! اگلے آرام کے مقام پر جانے سے پہلے ہر ایک کو اپنی ذمہ داریوں کو پورا کرنا چاہیے۔ اگر ایسا اکثر ہوتا ہے تو مدد کے لیے صفحہ ٦ دیکھیں۔)

**اُوپر دیکھیں**

**۱۔یوحنا ۱:۵-۹** بُلند آواز سے پڑھیں اور مل کر مندرجہ ذیل سوالات پر گُفتگو کریں:

۴۔ آپ کو اس حوالے کے بارے میں کیا پسند ہے یا کیاحوصلہ افزا ی حاصل ہوئی؟

۵۔ اس حوالے سے آپ کو کون سی چیز الجھن میں ڈالتی ہے یا آپ کو بے چین کرتی ہے؟

**اندردیکھیں**

**۱۔یوحنا ۱:۵-۹** دوبارہ پڑھیں گُفتگو کریں:

٦۔ خُدا کے ساتھ رفاقت میں قائم رہنے کے لئے آپکو کیا کرنا ہوگا؟

۷۔کیا کوئی خاص گناہ ہیں جن کا آپ کو ابھی اقرار کرنے کی ضرورت ہے؟

**(اگلے صفحہ پر راہنمائے سفر ۹مل کر پڑھیں)**

**آگے دیکھیں**

**۱۔یوحنا ۱:۵-۹** دوبارہ پڑھیں گُفتگو کریں:

۸۔ آیات کی روشنی میں اس ہفتہ آپ فرمانبرداری کے عمل کے طور پر **کیا کریں گے؟**خاص بات؟

«میں کروں گی ________________________________»

۔ آپ اس ہفتے کسے یسوع کے بارے میں بتائیں گے اور اس ہفتے کس کو شاگرد بنائیں گے؟ (ذرائع صفحہ نمبر ۴۷-۵۰)

نام: ________________________________

آپ اس ہفتے مل کر بطور سفری ٹیم کیسے مُنادی اور شاگردیت کر سکتے ہیں؟

۱۰۔ آپ اس ہفتے روزانہ بائبل مقدس کا کونسا حصّہ پڑھیں گے؟ (۳ ابواب روزانہ تجویز کئے گئے ہیں)

**دُعا**

جیسے آپ اختتام کرتے ہیں، ایک دوسرے کی ضروریات کے لیے دعا کریں اور اگلے ہفتے کے **آرام کے مقام** تک دعا میں خُدا کے حضور ان

ضروریات کو پیش کرتے رہیں۔

سٹریٹیجک ایمپیکٹ - آپکی کھوئی ہوئی دُنیا تک پہنچنے کا زندگی بھر کا سفر

## مرحلہ ۱ - راہنمائے سفر ۹ - گُناہ کا اقرار اور دوسروں کے ساتھ رفاقت

خُدا اور دُوسرے ایمانداروں کے ساتھ رفاقت بہت ضروری ہے۔۱-پطرس ۱۸:۳ میں لکھا ہے کہ مسیح اس لئے مُوا کہ آپ کو خُدا کے پاس پہنچائے۔ یسوع نے آپ کو بتایا کہ «(اگر آپس میں مُحبّت رکھّو گے تو اِس سے سب جانیں گے کی تُم میرے شاگِرد ہو۔)» (یوحنا ۳۵:۱۳)۔ یسوع دنیا کو اجازت دیتا ہے کہ اُس کے ساتھ آپ کی رفاقت کو دیکھ کر یہ فیصلہ کریں کہ آیا آپ اس کے پیروکار ہیں۔

۱-یوحنا ۵:۱-۱۰ میں آپ دو تضادات دیکھتے ہیں: **(۱)** نور میں چلنا , تاریکی میں چلنے کے متضاد ہے۔ اور **(۲)** اپنے گُناہ کا اقرار کرنا گُناہ کا انکار کرنے کے برعکس ہے ۔

**نور میں چلنا**

خُدا پاک ہے۔ خُدا نور ہے۔اُس میں ذرا بھی تارِیکی(گُناہ) نہیں، چونکہ تاریکی نور کی کمی ہے۔خُدا کے ساتھ رفاقت کا تعین آپکے چلنے سے ہوتا ہے۔خدا کے ساتھ آپ کی رفاقت آپ کے الفاظ سے نہیں بلکہ آپ کے کاموں سے ظاہر ہوتی ہے (آیت ٦)۔ اگر آپ تاریکی میں چلتے ہیں، تو آپ خدا کے ساتھ رفاقت میں نہیں رہ سکتے۔ لیکن، اگر آپ نورمیں چلتے ہیں، جیسا کہ خُدا نور ہے، تو آپ کی نہ صرف خُدا کے ساتھ رفاقت ہے، بلکہ آپ کی ایک دوسرے کے ساتھ رفاقت ہے، اور آپ کے گناہ معاف ہو گئے ہیں۔ نور میں چلنے کا مطلب کامل ہونا نہیں ہے۔ اس کا مطلب ہے روحانی پختگی میں ترقی۔ آپ کبھی کبھارتاریکی اور گناہ میں قدم رکھیں گے، لیکن آپ وہاں نہیں رہیں گے۔ آپ مسلسل اپنے گناہ کا اقرار کرتے ہیں اورنور میں چلنے کے لئے واپس آتے ہیں، جو آپ کو دوسرے تضاد کی طرف لے جاتا ہے۔

**اپنے گُناہ کا اقرار کرنا**

بائبل واضح ہے کہ («اِ س لئےکہ سب نے گُناہ کِیا اور خُدا کے جلال سے محروم ہیں۔») (رومیوں ۲۳:۳)۔ جب ایماندار گناہوں کا اقرار کرتے ہیں تو آپ خدا کے ساتھ اور ایک دوسرے کے ساتھ رفاقت میں بحال ہو جاتے ہیں۔ مسیح کا خون اتنا طاقتور ہے کہ وہ کسی بھی گناہ کو معاف کر سکتا ہے۔ خدا نور، اتنا طاقتور ہے کہ وہ کسی بھی تاریکی پر قابو پا سکتا ہے۔ اپنی صفائی کی مسلسل ضرورت کو کبھی نہ بھولیں۔ آپ اپنی نیکی پر بھروسہ کرتے ہوئے خود راستباز اور مغرور بن سکتے ہیں۔پادریوں اورمسیحی راہنماؤں کے لیے اُس مقام تک پہنچنے کا خطرہ ہے کہ جب وہ نہ صرف اس بات سے انکار کرتے ہیں کہ آپ نے اس وقت گناہ کر رہے ہیں، بلکہ یہ کہ آپ نے کبھی گناہ کیا ہے۔ پادری اور چرچ کے ارکان معافی کے لیے مسیح کے خون پر یکساں طور پر منحصر ہیں۔ آپ سب کو عاجزی کے ساتھ چلنا چاہیے اور اپنی زندگی میں گناہ خلاف ہوشیار رہنا چاہیے۔ آپ خوش ہیں کہ خُدا نے ہمیں چھُڑایا ہے، کہ اُس نے آپ کو معاف کر دیا ہے اور اگر آپ اقرار کرتے ہیں تو وہ آپ کے کسی بھی موجودہ گناہ کو بھی معاف کر دے گا۔ اپنے گناہ سے انکار کرنا «اگر کہیں کہ ہم نے گُناہ نہیں کِیا تو اُسے جُھوٹا ٹھہراتے ہیں اور اُس کا کلام ہم میں نہیں ہے» (۱-یوحنا ۱۰:۱)۔ آپ کو باقاعدگی سے اور مستقل طور پر اپنے گناہ کا اقرار کرنا (خدا کے ساتھ متفق ہونا) چاہیے ۔

**نتائج**

خدا اور ایک دوسرے کے ساتھ رفاقت ایک خوشی اور آپ کی زندگیوں اور آپ کی خدمت کا مرکز ہے۔ اس رفاقت کو نقصان پہنچانا اپنے آپ کو نقصان پہنچانا ہے۔ اگر آپ سچائی پر عمل نہیں کرتے ہیں، تو دوسرے ہم پر بھروسہ نہیں کریں گے یا آپ جو کچھ مسیح کے بارے میں کہتے ہیں اسے نہیں سُنیں گے۔ ایماندارانہ اقرار یہ ہے کہ ہر بار جب آپ کی ٹیم سے ملاقات ہوتی ہے تو روحانی ترقی کے سوالات کا پوچھنا اور ایمانداری سے جواب دینا بہت ضروری ہے۔ جیسا کہ آپ خُدا اور ایک دوسرے کے سامنے جوابدہ رہتے ہیں، آپ اُس کے فضل میں بڑھتے ہیں اور آپ خُدا اور مسیح میں ایک دوسرے کے ساتھ میٹھی رفاقت کا تجربہ کرتے ہیں۔

جب آپ خُدا کے سامنے اپنے گناہوں کا سر عام اقرار کرتے ہیں، تو وہ معاف کرنے کے لیے وفادار ہے۔ صرف خدا سے معافی حاصل کرنے سے ہی آپ دوسروں کو معاف کرنا اور پیار کرنا سیکھ سکتے ہیں۔ دنیا دیکھتی ہے کہ کیا آپ اپنے گناہوں کے بارے میں ایماندار ہیں۔ لوگ یہ جاننے کے لیے دیکھتے ہیں کہ کیا جیسے آپ کو معاف کیا گیا ہے ، آپ دوسروں کو معاف کریں گے، اور کیا آپ ایک دوسرے سے محبت کرتے ہیں۔ دنیا دیکھتی ہے کہ کیا آپ واقعی خدا کے ساتھ اور ایک دوسرے کے ساتھ رفاقت میں خوش ہوتے ہیں۔ دنیا دیکھ رہی ہے۔ آپ کیا دکھا رہے ہیں؟

**مرکزی سچائی:** خدا کے ساتھ اور دوسرے ایمانداروں کے ساتھ رفاقت برقرار رکھنے کے لئے اپنے گُناہوں کا لگاتار اقرار کرتے رہیں۔

**[«آگے دیکھیں» کی بابت گفتگو کرنے کے لئے پچھلے صفحہ پر واپس جائیں]**

**سٹریٹیجک ایمپیکٹ - آپکی کھوئی ہوئی دُنیا تک پہنچنے کا زندگی بھر کا سفر**

## مرحلہ ۱ - آرام کا مقام ۱۰ - بالغ اور تضریب کار شاگرد بنانا

**۳-۵ اراکینِ ٹیم** | **۴ جائزے- ۱۰ سوالات** | **۱۵ آرام کے مقامات**

**پیچھے دیکھیں** (صفحہ نمبر ٦ پر دیئے روحانی ترقی کے سوالات پر نظرثانی)

۱ ۔ کیا آپ نے اپنے مالی معاملات میں خود ضبطی کا مظاہرہ کیااور مسیح کا احترام کیا؟

۲۔ کیا اس ہفتے آپ نے اپنی بائبل مقدس کا مطالعہ وفاداری سے کیا اور اس ہفتہ بھی وعدہ کرتے ہوں کہ «میں کروں گی»؟

۳۔ کیا آپ کھوئے ہوں‌کو گواہی دینے اور دوسروں کو شاگرد بنانے میں وفادار تھے؟ کون؟

(**نوٹ:** اگر کسی نے اپنی ذمہ داری پوری نہیں کی تو آگے **مت** بڑھیں! اگلے آرام کے مقام پر جانے سے پہلے ہر ایک کو اپنی ذمہ داریوں کو پورا کرنا چاہیے۔ اگر ایسا اکثر ہوتا ہے تو مدد کے لیے صفحہ ٦ دیکھیں۔)

**اُوپر دیکھیں**

**مرقس ۱:۱٦-۱۷** اور **کُلسِیوں ۱:۲۸-۲۹** بُلند آواز سے پڑھیں اورمندرجہ ذیل سوالات پر مِل کر گفتگو کریں ۔

۴۔ آپ کو اس حوالے کے بارے میں کیا پسند ہے یا کیاحوصلہ افزا ی حاصل ہوئی؟

۵۔ اس حوالے سے آپ کو کون سی چیز الجھن میں ڈالتی ہے یا آپ کو بے چین کرتی ہے؟

**اندردیکھیں**

**مرقس ۱:۱٦-۱۷** اور **کُلسِیوں ۱:۲۸-۲۹** دوبارہ پڑھیں اور گفتگو کریں۔۔۔

٦۔ بیان کریں کہ ایک بالغ اور تضریب کار شاگرد کیسا ہوتا ہے۔

۷۔ دوسرے ایمانداروں کو یسوع کے بالغ پیروکاروں میں ترقی دینے کے لیے آپ کو کیساہونا چاہیے اور کیا کرنا چاہیے؟

**(اگلے صفحہ پر راہنمائے سفر ۱۰مل کر پڑھیں)**

**آگے دیکھیں**

**مرقس ۱:۱٦-۱۷** اور **کُلسِیوں ۱:۲۸-۲۹** دوبارہ پڑھیں اور گفتگو کریں۔۔۔

۸۔ آیات کی روشنی میں اس ہفتہ آپ فرمانبرداری کے عمل کے طور پر **کیا کریں گے؟** خاص بات؟

«میں کروں گی ________________________________»

۹۔ آپ اس ہفتے کسے یسوع کے بارے میں بتائیں گے اور اس ہفتے کس کو شاگرد بنائیں گے؟ (ذرائع صفحہ نمبر ۴۷-۵۰)

نام: ________________________________

آپ اس ہفتے مل کر بطور سفری ٹیم کیسے مُنادی اور شاگردیت کر سکتے ہیں؟

۱۰۔ آپ اس ہفتے روزانہ بائبل مقدس کا کونسا حصّہ پڑھیں گے؟ (۳ ابواب روازنہ تجویز کئے گئے ہیں)

**دُعا**

جیسے آپ اختتام کرتے ہیں، ایک دوسرے کی ضروریات کے لیے دعا کریں اور اگلے ہفتے کے **آرام کے مقام** تک دعا میں خُدا کے حضور ان ضروریات کو پیش کرتے رہیں۔

**سٹریٹیجک ایمپیکٹ - آپکی کھوئی ہوئی دُنیا تک پہنچنے کا زندگی بھر کا سفر**

# مرحلہ ۱ - راہنمائے سفر ۱- - بالغ اور تضریب کار شاگرد بنانا

یسوع کا ارشادِ اعظم بہت واضح ہے: «پس تُم جا کر سب قَوموں کو شاگرد بناؤ ۔۔۔» (متّی ۱۹:۲۸)۔ مُنادی کرنا کافی نہیں۔ آپ کو شاگرد بنانا ہے جو بڑھتے جائیں اور مزید شاگرد بنائیں۔ جیسے جیسے شاگرد بڑھتے جائیں گے، نئی کلیسیائیں قائم کی جائیں گے اور تضریب کاری ہوتی جائے گی۔ نیا عہد نامہ ایک شاگرد کی بڑھوتی اور ترقی کے لئے چار عمومی سطحوں کو بیان کرتا ہے:

**پہلا مرحلہ** کسی کو یسوع پر ایمان میں لانا ہے۔ ایک شاگرد پہلے **ایماندار** ہوتا ہے (۱ یوحنا ۱۱:۵؛ ۱- تھِسّلُنیکیوں ۱:۷-۸)۔ تاہم، افسوس کی بات یہ ہے کہ آپ اکثر یہیں ٹھہر جاتے ہیں۔ آپ اکثر لوگوں کو مسیح میں ایمان کی دعوت دیتے ہیں اور پھر ان سے کلیسیاء میں شامل ہونے کو کہتے ہیں لیکن ان کے ساتھ کچھ اور کرنا ہے۔ نئے ایماندار مسیح میں بچے ہیں جنہیں بڑھنے کے لیے انفرادی توجہ کی ضرورت ہے! (۱- کرنتھیوں ۱:۳-۲؛ ۱- پطرس ۲:۲)۔ اس مرحلے پر بطور ایک شاگردساز آپ کے لیے یہ بہت اہم ہے کہ آپ اُن کے **ساتھ وقت گزاریں** تاکہ اُن کی نشوونما کرنے میں مدد کریں۔ یسوع نے یہ ان لوگوں کے ساتھ کیا جنہوں نے سب سے پہلے اس پر ایمان لایا تھا۔ (یوحنا ۱:۳۵-۴۲)۔

**دوسرے مرحلے** میں آپ ایک ایماندار کو مسیح کا **پیروکار** بننے میں مدد کرتے ہیں (مرقس ۱:۱۷؛ یوحنا ۱:۴۳؛ کلُسِیوں ۲:۶-۷)۔ مسیح کا پیروکار بنیادی سچائیوں کو سمجھتا اور لاگو کرتا ہے جیسے نجات کی یقین دہانی، بائبل کو کیسے پڑھنا اور سمجھنا، روح القدس سے کیسے تعلق رکھنا ہے، بپتسمہ اور چرچ کی اہمیت، گناہ کا اقرار کیسے کرنا ہے، دعا کیسے کرنی ہے۔ ایس آئی شاگردیت کا ذریعہ آپ کو دوسروں کو ان چیزوں کو دریافت کرنے اور کرنے میں راہنمائی کرنے میں مدد کرتا ہے۔ ان کو یہ بتانا بھی ضروری ہے کہ ان چیزوں کو کیسے کرنا ہے۔ انہیں آپ کو سچائی میں زندگی گزارتے **دیکھنا** ہوگا۔ تو اس مرحلے پر آپ کا کردار یہ **ظاہر** کرنا ہے کہ مسیح کی پیروی کیسے کی جائے، (۱-کُرِنتھِیوں ۱۱:۱-۲؛ ۲ -تِیمُتھِیُس ۳:۱۰-۱۱)۔ یسوع کے شاگردوں نے اُسے دعا کرتے، گواہی دیتے، بیماروں اور غریبوں کی دیکھ بھال اور بائبل کی تعلیم دیتے دیکھ کر سیکھا۔ آپ کو بھی، دوسروں کو مسیح میں رہنے اور اس کی خدمت کرنے کا طریقہ سکھانا اورکر کے دکھانا چاہیے۔

**تیسرا مرحلہ** مسیح کے پیروکار کو مسیح کے لیے **کارکن** بننے میں مدد کرتا ہے، (افسیوں ۱۲:۴)۔ یسوع نے اپنے شاگردوں سے کہا، "میرے پیچھے چلے آؤ تو مَیں تُم کو آدم گیِر بناؤں گا۔ " (مرقس ۱۷:۱)۔ لوگوں کے لیے ایک پیروکار «مچھلی پکڑنا ہے»۔ تمام پیروکاروں کو سکھایا جانا چاہیے کہ وہ انجیل کو پیش کریں اور نئے مسیحیوں کو مسیح میں بڑھنے میں مدد کریں۔ انہیں سکھائیں اورکر کے دکھائیں کہ ایس آئی مُنادی اورشاگردیت کے ذرائع کا استعمال کیسے کریں۔ اِفسیوں ۱۲:۴ کہتی ہے کہ پیروکاروں کوخدمت گُذاری کا کام کرنے کے لیے لیس ہونا چاہیے - دوسروں سے محبت کرنے اور ان کی خدمت کرنا ۔ انہیں دعوت دیں جب آپ خدمت کے لئے جائیں تو وہ بھی آپ کے ساتھ جا ئیں۔ ۔ آپ کا کردار پیروکاروں کو خدمت کے کام سونپنا ہے جس طور سے آپ نےاُنکا مشاہدہ کیا اور ان کی تربیت کی ۔ (متّی ۱۰؛ لوقا ۱۰)۔

شاگردیت کا **چوتھا مرحلہ** یہ ہے کہ ایک کارکن کو تضریب کار بننے میں مدد کریں، (متی ۹:۳۶-۳۷؛ ۱۸:۲۸-۲۰ ؛ یوحنا ۵:۱۵، ۱۶)۔ **تضریب کاری** آپ کا مقصد ہے۔ جب تک آپ کےشاگرد آگے د دوسروں کو شاگردنہیں بنا رہے ہیں، اُس وقت تک حقیقی طور پر شاگردیت کا عمل مُکمل نہیں ہو گا (۲-تِیمُتھِیس ۲:۲)۔ آپ مسلسل اُن کی حوصلہ افزائی اور مدد کرتے رہیں گے، لیکن اب وہ مزید شاگردوں کو تیار کرنے کے لیے پوری طرح سے ذمہ دار ہیں۔ جب آپ مسیح میں ایمان لانے والے لوگوں کو جیتتے ہیں اور وہ دوسروں کو شاگرد بناتے اور نئی کلیسیائیں قائم کرنے میں مدد کرتے ہیں تو اس صورت میں آپ کامیاب ہیں (اعمال ۱:٦، ۷)۔ شاگردیت کو افزائش کرنے والوں کے ساتھ آپ کا کلیدی کردار ان کو **تضریب** دینا ہے۔ آپ کے لیے یہ ضروری ہے کہ آپ اپنی کھوئی ہوئی دنیا تک پہنچنے کے لیے زندگی بھر کے سفر میں حصہ لیں، بلکہ اس مواد کو استعمال کے کے **دوسروں کی تربیت** بھی کریں۔

آپ دعا اور کام کرتے ہیں کہ **ایمانداروں** کو **پیروکار** بنتے ہوئے دیکھیں, جو کام کرنے والے بنتے ہیں جو **تضرب کاری** کرنے والے بنتے ہیں (کلسیوں ۱:۲۸-۲۹)۔ لیکن، یہ مراحل یکے بعد دیگرے ترتیب سے نہیں ہوتے۔ وہ **سب ایک ہی وقت** میں ہوتے ہیں۔ جیسے جیسے نئے ایماندار بڑھتے ہیں، اُن کی ان کی خدمت اور تضریب کاری شروع کر دیں!! جیسے ہی یہ عمل دہرایا جائے گا، ایک تیز رفتار تحریک پورے شہر، قوم اور علاقے میں پھیل جائے گی اور ارشادِاعظم کی تکمیل ہو جائے گا۔

**مرکزی سچائی:** آپ کا مقصد بالغ اور تضریب کار شاگرد بنانا جو جو ایمان لاتے ہیں، پیروی کرتے ہیں، کام کرتے ہیں، اور تضریب کاری کرتے ہیں۔

**[«آگے دیکھیں" کی بابت گفتگو کرنے کے لئے پچھلے صفحہ پر واپس جائیں]**

**سٹریٹیجک ایمپیکٹ- آپکی کھوئی ہوئی دُنیا تک پہنچنے کا زندگی بھر کا سفر**

## مرحلہ ۱ - آرام کا مقام ۱۱ - **روح القدس سے درُست تعلق**

**۳-۵ اراکینِ ٹیم** | **۴ جائزے - ۱۰ سوالات** | **۱۵ آرام کے مقامات**

**پیچھے دیکھیں** (صفحہ نمبر ٦ پر دیئے روحانی ترقی کے سوالات پر نظرثانی)

۱۔ کیا آپ نے جنسی خیالات اور اعمال، اور کسی بھی لَت آور رویے پرخود ضبطی کا مظاہرہ کیا؟

۲۔ کیا اس ہفتے آپ نے اپنی بائبل مقدس کا مطالعہ وفاداری سے کیا اور اس ہفتہ بھی وعدہ کرتے ہوں کہ «میں کروں گی»؟

۳۔ کیا آپ کھوئے ہوں‌کو گواہی دینے اور دوسروں کو شاگرد بنانے میں وفادار تھے؟ کون؟

(**نوٹ:** اگر کسی نے اپنی ذمہ داری پوری نہیں کی تو آگے **مت** بڑھیں! اگلے آرام کے مقام پر جانے سے پہلے ہر ایک کو اپنی ذمہ داریوں کو پورا کرنا چاہیے۔ اگر ایسا اکثر ہوتا ہے تو مدد کے لیے صفحہ ٦ دیکھیں۔)

**اُوپر دیکھیں**

**اعمال ۸:۱** اور **گلتِیوں ۲۲-۱٦:۵** بُلند آواز سے پڑھیں اورمندرجہ ذیل سوالات پر مِل کر گفتگو کریں.

۴۔ آپ کو اس حوالے کے بارے میں کیا پسند ہے یا کیاحوصلہ افزا ی حاصل ہوئی؟

۵۔ اس حوالے سے آپ کو کون سی چیز الجھن میں ڈالتی ہے یا آپ کو بے چین کرتی ہے؟

**اندردیکھیں**

**اعمال ۸:۱** اور **گلتِیوں ۲۲-۱٦:۵** دوبارہ پڑھیں اور گفتگو کریں.

٦۔ روح القدس آپ کو مسیح کے لیے زندگی گزارنے اور خدمت کرنے کے لیے کس طرح طاقت دیتا ہے؟

۷۔ آپ کو روح القدس کی طاقت میں چلنے کے لیے کیا کرنا چاہیے؟

**(اگلے صفحہ پر راہنمائے سفر ۱۱مل کر پڑھیں)**

**آگے دیکھیں**

**اعمال ۸:۱** اور **گلتِیوں ۲۲-۱٦:۵** دوبارہ پڑھیں اور گفتگو کریں.

۸۔ آیات کی روشنی میں اس ہفتہ آپ فرمانبرداری کے عمل کے طور پر **کیا کریں گے؟** خاص بات؟

«میں کروں گی ________________________________»

۹۔ آپ اس ہفتے کسے یسوع کے بارے میں بتائیں گے اور اس ہفتے کس کو شاگرد بنائیں گے؟ (ذرائع صفحہ نمبر ۴۷-۵۰)

نام: ________________________________

آپ اس ہفتے مل کر بطور سفری ٹیم کیسے مُنادی اور شاگردیت کر سکتے ہیں؟

۱۰۔ آپ اس ہفتے روزانہ بائبل مقدس کا کونسا حصّہ پڑھیں گے؟ (۳ ابواب روازنہ تجویز کئے گئے ہیں)

**دُعا**

جیسے آپ اختتام کرتے ہیں، ایک دوسرے کی ضروریات کے لیے دعا کریں اور اگلے ہفتے کے **آرام کے مقام** تک دعا میں خُدا کے حضور ان ضروریات کو پیش کرتے رہیں۔

## سٹریٹیجک ایمپیکٹ - آپکی کھوئی ہوئی دُنیا تک پہنچنے کا زندگی بھر کا سفر
# مرحلہ ۱ - راہنمائے سفر ۱۱ - روح القدس سے درُست تعلق

خُدا چاہتا ہے کہ آپ یسوع مسیح کے ساتھ اُس کے روح القدس کے ذریعے جو آپ میں بستا ہے ایک متحرک شخصی تعلق قائم کریں (رومیوں ۹:۸-۱۴)۔ خُدا کبھی نہیں چاہتا کہ آپ اپنی کوششوں سے اُس کی پیروی کریں اور اُس کی خدمت کریں۔ اُس نے آپ کو اپنی روح عطا کی ہے تاکہ آپ مسیح کی طرح بڑھیں اور اُس کی طاقت سے اُس کی خدمت کریں۔ وہ ایسا کرتا ہے جب آپ روح القدس میں چلتے ہیں (گلتیوں ۱۶:۵)۔ اس کا خاص طور پر کیا مطلب ہے؟

**سب سے پہلے،** روح القدس آپ کو **تسلی اور حوصلہ** دے گا (یوحنا ۱۵:۱۴-۲۱)۔ وہ آپ کا صلاح کار ہے۔ وہ آپ کو آپ کے دل اور دماغ میں تسلی دے گا۔ اُس کی تسلی کا تجربہ کرنے کے لیے، آپ کو اُس کے حکموں پر عمل کرنا چاہیے (یوحنا ۱۴:۱۵-۱۵)۔

**دوسرا،** روح القدس تمام **سچائی میں آپ کی رہنمائی کرے گا** (یوحنا ۱۲:۱۶-۱۵) اس نے ابتدائی رسولوں کو بائبل ، خدا کا نازل کردہ کلام تحریر کی **ترغیب** دی۔ اب وہ بائبل کے الفاظ کے ذریعے آپ پر اپنی سچائی کوظاہر کرے گا(افسیوں (۱:۱۷-۱۸ **آپ کو روح القدس کی آواز سنتے ہوئے بائبل کو پڑھنا چاہیے۔ جب آپ پڑھتے ہیں تو دعا کریں، «خداوند، مجھ سے بات کریں۔»**

**تیسرا،** روح القدس آپ میں **یسوع کی زندگی کو ظاہر کرے گا۔** (۲-کُرِنتھیوں ۱۸:۳)۔ جب آپ نے یسوع پر ایمان لایا، تو اُس کی روح آپ کی روح میں بسی (۲ -کُرِنتھیوں ۱۷:۵)۔ نئے جنم کا مطلب یہ نہیں ہے کہ آپ مسیح میں بالغ ہو گئے ہیں۔ روح القدس تیزی سے آپ کے کردار کو یسوع کی صورت میں بدل دے گا۔ یہ روح القدس کا پھل ہے (گلتیوں ۲۲:۵-۲۳)۔ وہ ایسا اُس وقت کرتا ہے جب آپ روزانہ اُس کو **«ہاں» کہنے کا انتخاب کرتے ہیں،** اور جسمانی خواہشات کے لیے «نہیں» کہتے ہیں۔

**چوتھا،** روح القدس آپ کی رہنمائی کرے گا اور **جو وہ چاہتا ہے کہے گا** (رومیوں ۱۴:۸؛ گلتیوں ۲۱:۵؛ فِلپیوں)۔ وہ آپ کو ایسی خواہش اور عمل کرنے کو تیار کرے گا جس سے وہ خوش ہو۔ وہ آپ کے دل اور دماغ سے بات کرتا ہے، لیکن آپ کو محتاط رہنا چاہیے کیونکہ ابلیس اور بدروح بھی آپ کے خیالات کو متاثر کرتے ہیں۔ **لمحہ بہ لمحہ اس کی حوصلہ افزائی کے لیے تیار رہیں، لیکن یقینی بنائیں کہ بائبل کی راہنمائی سے متفق ہو۔**

**پانچواں،** روح القدس **آپ کے ذریعے دوسروں جیت کر کو شاگرد بنائے گا** (یوحنا ۲۶:۱۵-۲۷؛ اعمال ۸:۱؛ ۱ -پطرس ۱۰:۴-۱۱)۔ آپ یہ مافوق الفطرت کام اپنے طور پر نہیں کر سکتے، لیکن جیسا کہ آپ دوسروں کو گواہی دیتے ہیں، روح القدس بہت سے لوگوں کو مسیح میں ایمان کی طرف راغب کرے گا۔ دوسرے ایمانداروں کو اُن کے ایمان میں بڑھنے میں مدد کرنے کے لیے وہ اُن روحانعمتوں کا استعمال کرے گا جو اُس نے آپ کو دیں ہیں ۔ لہذا، **یسوع کے بارے میں دوسروں کو بتا کر روح القدس کے ساتھ تعاون کریں** اور اس سے توقع کریں کہ وہ آپ کے اندر اور آپ کے ذریعے دوسروں کی ترقی میں مدد کرے گا۔

یسوع نے آپ کوتسلی دینے ، سکھانے، تبدیل کرنے، راہنمائی کرنے اور دوسروں کو یسوع میں ایمان میں جیتنے کے لیے آپ کو استعمال کرنے کے لیے اپنا روح القدس دیا۔ جب آپ روح القدس کے ساتھ تعاون کریں گے اور ہر روز لمحہ بہ لمحہ اس کے ساتھ چلیں گے تو آپ کو ایک خوشگوار اور پھلدار مسیحی زندگی حاصل ہو گی۔

**مرکزی سچائی:** خُدا نے آپ کو اپنا پاک روح آپ کی اور آپ کے ذریعے خدمت کرنے کے لیے دیا جب آپ اُس کے ساتھ مکمل تعاون کرتے ہیں۔

**[«آگے دیکھیں» کی بابت گفتگو کرنے کے لئے پچھلے صفحہ پر واپس جائیں]**

## سٹریٹیجک ایمپیکٹ - آپکی کھوئی ہوئی دُنیا تک پہنچنے کا زندگی بھر کا سفر
# مرحلہ ۱ - آرام کا مقام ۱۲ - دوسروں کو تربیت دینے کے لیے ضروری چیزیں

**۳-۵ اراکینِ ٹیم** | **۴ جائزے- ۱۰ سوالات** | **۱۵ آرام کے مقامات**

**پیچھے دیکھیں** (صفحہ نمبر ٦ پر دیئے روحانی ترقی کے سوالات پر نظرثانی)

۱۔ آپ نے اِس ماہ کس کو اپنے **خدمتی خاکہ** میں **شامل** کیا؟

۲۔ کیا اس ہفتے آپ نے اپنی بائبل مقدس کا مطالعہ وفاداری سے کیا اور اس ہفتہ بھی وعدہ کرتے ہوں کہ «میں کروں گی»؟

۳۔ کیا آپ کھوئے ہوں‌کو گواہی دینے اور دوسروں کو شاگرد بنانے میں وفادار تھے؟ کون؟

(**نوٹ:** اگر کسی نے اپنی ذمہ داری پوری نہیں کی تو آگے **مت** بڑھیں!
اگلے آرام کے مقام پر جانے سے پہلے ہر ایک کو اپنی ذمہ داریوں کو پورا کرنا چاہیے۔
اگر ایسا اکثر ہوتا ہے تو مدد کے لیے صفحہ ٦ دیکھیں۔)

**اُوپر دیکھیں**

**۲۔ تِمُتھیس ۲:۱-۳, ۳؛ ۱۴:۳-۱۰:۱۷**، بُلند آواز سے پڑھیں اورمندرجہ ذیل سوالات پر مِل کر گفتگو کریں ۔

۴۔ آپ کو اس حوالے کے بارے میں کیا پسند ہے یا کیاحوصلہ افزا ی حاصل ہوئی؟

۵۔ اس حوالے سے آپ کو کون سی چیز الجھن میں ڈالتی ہے یا آپ کو بے چین کرتی ہے؟

**اندردیکھیں**

**۲۔ تِمُتھیس ۲:۱-۳, ۳؛ ۱۴:۳-۱۰:۱۷**، دوبارہ پڑھیں گفتگو کریں ۔

٦۔ خدا دوسروں کو بالغ شاگرد بننے میں مدد کرنے کے لیے کون سے ذرائع استعمال کرتا ہے؟

۷۔ وہ کون دو لوگ ہیں جنہیں خداوند چاہتا ہے کہ آپ ابھی اسی وقت ارادتاً کر شاگرد بنائیں۔

**(اگلے صفحہ پر راہنمائے سفر ۱۲مل کر پڑھیں)**

**آگے دیکھیں**

**۲۔ تِمُتھیس ۲:۱-۳, ۳؛ ۱۴:۳-۱۰:۱۷**، دوبارہ پڑھیں گفتگو کریں ۔

۸۔ آیات کی روشنی میں اس ہفتہ آپ فرمانبرداری کے عمل کے طور پر **کیا کریں گے؟** خاص بات؟

«میں کروں گی ________________________________________»

۹۔ آپ اس ہفتے کسے یسوع کے بارے میں بتائیں گے اور اس ہفتے کس کو شاگرد بنائیں گے؟ (ذرائع صفحہ نمبر ۴۷-۵۰)

نام: ________________________________________

آپ اس ہفتے مل کر بطور سفری ٹیم کیسے مُنادی اور شاگردیت کر سکتے ہیں؟

۱۰۔ آپ اس ہفتے روزانہ بائبل مقدس کا کونسا حصّہ پڑھیں گے؟ (۳ ابواب روازنہ تجویز کئے گئے ہیں)

**دُعا**

جیسے آپ اختتام کرتے ہیں، ایک دوسرے کی ضروریات کے لیے دعا کریں اور اگلے ہفتے کے **آرام کے مقام** تک دعا میں خُدا کے حضور ان ضروریات کو پیش کرتے رہیں۔

**سٹریٹیجک ایمپیکٹ - آپکی کھوئی ہوئی دُنیا تک پہنچنے کا زندگی بھر کا سفر**

## مرحلہ ۱ - راہنمائے سفر ۱۲ - دوسروں کو تربیت دینے کے لیے ضروری چیزیں

آپ کی بُلاہٹ تضریب کار شاگرد بنانا ہے جس کے نتیجے میں تضریب کار کلیسیائیں قائم ہو جائیں گا۔ جونہی آپ ایمانداری کے ساتھ خوشخبری کو پیش کرتے ہیں، کچھ لوگ مسیح کونجات دہندہ کے طور پر ایمان لائیں گے۔ اُن کی بالغ اور تضریب کار شاگرد بننے میں مدد کرنا بہت اہم ہے ۔ لوگوں کو اُن کے گھروں، اسکولوں اور کام کی جگہوں پر ملیں۔ نئے ایمانداروں کو انفرادی طور پر یا ۳ سے ۵ افراد کے گروپوں میں شاگرد بنائیں۔ اگر ممکن ہو تو، ایک نئے ایماندار سےمسیح پر ایمان لانے کے ۴۸ گھنٹوں کے اندر ملیں۔ اگر آپ سے ممکن ہو تو انہیں کم از کم یوحنا کی انجیل فراہم کریں۔ ایس آئی شاگردیت کے ذرائع پر درج کئے گئے یوحنا کی انجیل سے ۴ عنوانات/۴ مُلاقاتوں کو راہنما ئی کے لئے استعمال کریں۔ پہلی مُلاقات کے بعد، کم از کم ہر ہفتے ملاقات کی ترتیب بنائیں جب تک کہ آپ پہلے چار بُنیادی ملاقاتیں مکمل نہ کر لیں۔

## ضروری فالو اپ اور ایس آئی شاگردیت کاذرائع

نئے ایمانداروں کو بالغ تضریب کار شاگردوں میں بڑھنے میں مدد کرنے کے لئے بائبل کے مطالعہ سے کہیں زیادہ ضرورت ہے! دوسروں کو نظم و ضبط کے لیے درج ذیل ضروری ذرائع ہیں:

۱۔ **بائبل** سب سے اہم «نصاب» ہے جسے آپ دوسروں کو شاگرد بنانے کے لیے استعمال کر سکتے ہیں (۲ تِیُمتھِیس ۱۶:۳-۱۷)!

۲۔ اپنے لئے اور اپنے نئے شاگردوں کے لئے ایمانداری سے **دُعا** کریں (اِفسیوں ۱۵:۱-۲۳)۔

۳۔ نئے ایمانداروں کی حوصلہ افزائی کریں کہ وہ **روح القدس** پر بھروسہ کریں تاکہ انہیں مسیح کی شکل میں تبدیل کیا جا سکے۔(۲۔ کرِنتھیوں ۱۷:۳-۱۸)۔

۴۔ **آپ!** ایک نئے ایماندار پر آپ کا تاثر بہت ضروری ہے۔ نئے مسیحیوں کے ساتھ اپنے بائبل کے مطالعہ کے علاوہ غیر رسمی طور پر وقت گزاریں۔ دوسروں کو خوشخبری سنانے کے لیے اُنہیں اپنے ساتھ لے جائیں۔ اُنہیں «دیکھنے» دیں کہ آپ اپنی روزمرہ کی زندگی میں یسوع کی پیروی کرتے ہیں۔ (۲-تِیُمتھیس ۱۰:۳-۱۱)۔

پہلی چار مُلاقاتوں کے بعد ، اُن لوگوں سے پوچھیں جو آپ سے مزید ۲۰ مُلاقاتوں کے لیے وفاداری کے ساتھ مل چکے ہیں ۔ شاگردوں کو بڑھانے میں اُن کی مدد کریں: **(۱)** بائبل سیکھنا اور یسوع کی پیروی کرنے کا طریقہ **(بڑھنا)؛ (۲)** انہیں دکھانا کہ دوسروں کو یسوع کے بارے میں کیسے بتانا ہے **(گواہی)؛ (۳)** دوسروں کو شاگرد بنانے کے لیے ان ذرائع کو استعمال کرنے کی ترغیب دینا **(تضریب کاری)۔**

### جب آپ ملتے ہیں تو ۵ بُنیادی مراحل کےطریقہ پر عمل کریں

۱۔ **تعلق پیدا کرنا:** پوچھیں کہ وہ کیسے کر رہے ہیں اور آپ کی آخری ملاقات کے بعد کیا ہوا ہے۔

۲۔ **حوصلہ افزائی: روحانی ترقی کے سوالات** پوچھیں اور جواب دیں (گلتیوں ۲۲:۵-۲۳ پر مبنی)

**اِس ہفتے۔۔۔**

الف۔ کیا آپ نےخود کو روح القدس کے تابع کیا ہے اور یسوع کے لیے پرجوش محبت کو قائم رکھا ہے؟

ب۔ کیا آپ اپنے خاندان، دوستوں، ایمانداروں ، پڑوسیوں اور دُشمنوں کے ساتھ اپنے تعلقات میں محبت، اِطمینان، تحمل ، مہربانی اور معافی کی روش اختیار کرتے ہیں؟

ج۔ کیا آپ نے اس ہفتے مسیح کے لئے اپنی محبت اورعقیدت میں ترقی کی؟ کیسے؟

د۔ کیا آپ نے اپنے مالی معاملات میں خود ضبطی کا مظاہرہ کیااور مسیح کا احترام کیا؟

ہ۔ کیا آپ نے جنسی خیالات اور اعمال، اور کسی بھی لَت آور رویے پرخود ضبطی کا مظاہرہ کیا؟

و۔ کیا آپ کھوئے ہوںکو گواہی دینے اور دوسروں کو شاگرد بنانے میں وفادار تھے؟ کون؟

ز۔ کیا اس ہفتے آپ نے اپنی بائبل مقدس کا مطالعہ وفاداری سے کیا اور اس ہفتہ بھی وعدہ کرتے ہوں کہ «میں کروں گی»؟

۳۔ **گُفتگو کریں:** مندرجہ ذیل ٦ **سوالوں** کا خاکہ (جیسا کہ ایس آئی **شاگردیت کے ذرائع** میں بیان کیا گیا ہے) کا استعمال کرتے ہوئے اس مُلاقات کے موضوع کے لیے بائبل کے حوالے کو پڑھیں اور اس پرگُفتگو کریں۔

۴۔ **منصوبہ:** بائبل کے ایک حصّے پر متفق ہوں کہ ہر ایک ہفتے کے دوران انفرادی طور پر اُسے پڑھے گا (روزانہ ۳ ابواب تجویز کیے گئے ہیں)۔

۵۔ **دُعا:** ایک دوسرے کے لیے دعا کر کے ملاقات کا اختتام کریں اور سوالات ۵ اور ٦ سے کیے گئے وعدوں کی تصدیق کریں۔

**مرکزی سچائی:** دوسروں کو تربیت دینے کے لیے ضروری ذرائع بائبل، دعا، روح القدس اور آپ خود ہیں۔

**[«آگے دیکھیں» کی بابت گفتگو کرنے کے لئے پچھلے صفحہ پر واپس جائیں]**

**نوٹ:** سٹریٹیجک ایمپیکٹ‌شاگردیت کے ذرائع کا مکمل کتابچہ صفحہ ۴۹-۵۰ پر دستیاب ہے مُنادی میں استعمال کے لیے بلا جھجھک لامحدود کاپیاں (اپنے خرچ پر) بنائیں۔

## سٹریٹیجک ایمپیکٹ - آپکی کھوئی ہوئی دُنیا تک پہنچنے کا زندگی بھر کا سفر
# آرام کا مقام ۱۲ کے ذرائع - سٹریجک ایمپیکٹ شاگردیت کا ذریعہ

### جب آپ اکٹھے ملیں تو اس ۵ مراحل کے طریقہ کار پر عمل کریں۔

۱۔ **تعلق پیدا کرنا:** پوچھیں کہ وہ کیسے کر رہے ہیں اور آپ کی آخری ملاقات کے بعد کیا ہوا ہے۔

۲۔ **حوصلہ افزائی: روحانی ترقی کے سوالات** پوچھیں اور جواب دیں (گلتیوں ۲۲:۵-۲۳ پر مبنی)

**اِس ہفتے۔۔۔**

